ایک اور نکتہ بھی سامنے آتا ہے کہ ہمارے ساتھی ایوان (قومی اسمبلی) میں

[Mr. Javed Jabbar]

آپ نے دیکھا ہوگا کہ جب جنرل الیکشن کے results سامنے آئے تو ہماری پارٹی کے حصے میں شاید ۹۵ سیٹیں گنی جاتی تھیں لیکن جب vote of confidence کا وقت آیا تو ہماری قائد وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو کو ۱۴۸ ووٹ ملے۔ لیکن یہ بات کبھی نہیں کہی گئی اور نہ کہی جا سکتی ہے کہ کسی اور جماعت یا ایوان نیشنل اسمبلی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اور ہم نے اس وقت بھی اور ملک کے کئی قائدین نے یہ بات اس ملک میں تسلیم کی۔۔

(مداخلت)

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ ۱۳۸ ووٹ تھے۔ ۱۴۸ ووٹ نہیں تھے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ جناب جاوید جبار صاحب۔

Mr. Javed Jabbar: Counting is a matter, I suppose, of political party leadership.

Mr. Chairman: We leave that to the party membership.

Mr. Hasan A. Shaikh: Mr. Javed Jabbar is entitled to increase the number any way he likes..............

*(Interruptions)*

جناب جاوید جبار: جو بھی تھے۔ ایک significant تعداد میں اضافہ ہوا اور اس اضافے کے نتیجے میں دیئے گئے بیانات سے کسی کا استحقاق مجروح نہیں ہوا۔ خاص طور پر استحقاق کے breach کے بارے میں، میں عرض کروں گا کہ اس قسم کے سیاسی بیان سے کسی کا استحقاق مجروح ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

دوسری بات، آپ نے غور کیا ہو گا کہ اسی الیکشن کے فوراً بعد اسلامی

جمہوری اتحاد کی نامور شخصیت نے جو بلکہ لیڈر کی حیثیت رکھتے ہیں پریس میں بیان دیا جو بالکل بے بنیاد اور غلط بیان تھا کہ طارق چوہدری صاحب کے الیکشن کے سلسلے میں پیپلز پارٹی نے حکومت کے کچھ افسران کو ساتھ لے کر الیکشن کی مہم چلائی۔ اس وقت اگر ہم چاہتے تو استحقاق کی تحریک پیش کر سکتے تھے۔ لیکن یہ بنیادی طور پر سیاسی مسئلہ ہے۔ اس لئے میں قاضی لطیف صاحب سے گزارش کروں گا کہ اس طرح کے سیاسی بیانات پر تحریک استحقاق ایڈمیسبل نہیں ہوتی شکریہ!

قاضی عبداللطیف: جناب والا! کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں۔ سوال یہ ہے کہ انہوں نے میری تائید ہی کر دی ہے انہوں نے فرمایا کہ اگر وہ اس پر تحریک استحقاق پیش کرنا چاہتے تو کر سکتے تھے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ یہ تحریک استحقاق بنتی تھی۔ اسی طریقے سے انہوں نے فرمایا کہ سابقہ چیئرمین صاحب نے یہاں کہا تھا کہ یہاں کوئی پارٹی نہیں ہے پھر یہ بیان دے دینا کہ سینیٹ میں پیپلز پارٹی کی حمایت میں اضافہ سیاسی پیش رفت کا مظہر ہے۔ یہ کھلی بات ہے کہ اس کی خلاف ورزی ہے اور خود وہ تسلیم بھی کر رہے ہیں۔ جناب! میرا نکتہ استحقاق یہ ہے کہ اس باوقار سینیٹ کی طرف باہر کی دنیا جھوٹ کی نسبت کر رہی ہے ایک ایسا باعزت اور باوقار لیڈر ایک پارٹی کا جو وہاں اس کا رکن اور وزیر اطلاعات ہے اس کی زبان سے..... اگر ایک رکن ایسی بات کہہ دیتا تو شاید میں اس کے متعلق کوئی اقدام نہ کرتا۔ لیکن ایک ذمہ دار آدمی کی جانب سے ایسے الفاظ کہنا، اگر ان الفاظ کو پڑھیئے تو یقیناً ان سے استحقاق مجروح ہوتا ہے اور باہر کی دنیا اس ایوان کی طرف جھوٹ کی نسبت منسوب کرتی ہے۔ تو میرا خیال ہے کہ اسے استحقاق کمیٹی کے حوالے کرنا ہی چاہیئے۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of order. This matter pertains to you, Sir, as the Chairman. Therefore, I suggest that instead of giving a ruling, you might leave the matter to the House and let the House decide. This is my humble suggestion.

Mr. Chairman: No, I do not think I will abdicate my functions. Anybody else wants to say any thing?

*(Pause)*

Yes, Akhunzada Behrawar Saeed Sahib.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب قاضی صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے استحقاق اس ہاؤس کا مجروح ضرور ہوا ہے اور وہ یوں کہ اس ہاؤس کے معزز رکن جو یہاں سے اُٹھ کر وہاں تشریف رکھتے ہیں یہ جانتے ہوئے کہ جس پارٹی میں وہ جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے شامل ہوئے تین ووٹ ہیں۔ مگر وہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کو ۲۵ ووٹ ملے، صرف یہاں نہیں کرتے جب باہر دورے پر جاتے ہیں تو باہر بی بی سی میں بھی بیان دیتے ہیں کہ پیپلز پارٹی نے ۲۵ اراکین سینیٹ کی حمایت حاصل کی ہے یہ عجیب سی بات ہے یہ سیاست کی بات کرتے ہیں تو جیب ہم کرتے ہیں۔

Mr. Javed Jabbar: It is a mis-statement of facts.

ایک تو BBC کا انٹرویو پاکستان میں ریکارڈ ہوا۔ دوسری بات میرے statement میں کہیں پر یہ بات نہیں ہے کہ ممبر تین سے پچیس ہو گئے۔ statement یہ ہے کہ سپورٹ تین سے بڑھ کر پچیس تک ہو گئی ہے۔ . . . . .

جناب چیئرمین: جی بہرہ ور سعید صاحب اپنی بات مکمل کر لیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اس میں اختلاف کیا ہے۔ میں عرض کر رہا تھا کہ جو حقیقت ہو اور پھر خاص کر ایک وزیر جو اس ایوان کا ممبر ہو اس کو بیان دینے

وقت کافی سوچنا چاہیئے ٹھیک ہے ان کی مرضی ہے اور نمبر بڑھانے کی کوشش
کریں مگر اس طرح نہیں کہ اس ایوان کا استحقاق مجروح ہو۔ انہوں نے یہ بیان
عمداً، قصداً دیا ہے اراداتاً دیا ہے اس سے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے....

*(Interruptions)*

Mr. Chairman: Mr. Hasan A. Shaikh, you are not supposed to address any body in the House directly. Yes Mr. Tariq Chaudhary.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! قومی اسمبلی میں ایک دفعہ ہمارے
ایک فاضل دوست نے ایک واقعہ سنایا تھا کہ ہم لوگ شام کو جب طویلے میں
اپنے گدھوں کو لے کر آتے ہیں تو اتنے رسے نہیں ہوتے کہ ان کو باندھ
سکیں۔ لہذا ہم اس کے ٹخنے کو زور سے دبا دیتے ہیں اور پھر وہ یہ سمجھتا رہتا
ہے پوری رات کہ میں رسی سے بندھا ہوا ہوں۔ تو جناب یہ ۵۲ ووٹ کا جو
درمیان میں تنازعہ چل رہا ہے۔ یہ فلور کراسنگ کی شق کا دبایا ہوا ٹخنہ ہے، جب
اس کا احساس ختم ہوگا تو اصل حقیقت تو تب کھلے گی۔ اس وقت تک تو قصہ
صرف اتنا ہے کہ باورچی نے ایک کلو گوشت لا کر باورچی خانے میں رکھ دیا
گوشت وہاں سے غائب ہو گیا تو مالک نے باورچی سے پوچھا۔ باورچی نے
کہا کہ وہ بلی کھا گئی ہے تو مالک نے بلی کو پکڑ کر تولا تو بلی کا وزن ایک کلو نکلا
گوشت تو ایک کلو تھا۔ تو اس نے کہا کہ اگر یہ بلی ہے تو گوشت کدھر ہے اور
اگر یہ گوشت ہے تو بلی کدھر ہے۔ جناب ووٹ تو ہیں ہی پچیس، اور دو
جس میں سے خراب ہو گئے ستائیس، اب دو فاضل ممبران نے اس پر
پریویلیج موشن دی جن میں ایک یہاں موجود نہیں ہیں اور ایک فاضل دوست
جو یہاں موجود ہیں۔ انہوں نے واضح طور پر مجھے بھی کہہ دیا اور آج اس ہاؤس
میں بھی کہ میں نے طارق چوہدری صاحب کو ووٹ نہیں دیا تھا۔ جب انہوں

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

نے مجھے ووٹ ہی نہیں دیا تو ظاہر ہے کہ وہ ووٹ ان پچیس میں count
بھی نہیں ہوا تو اس طرح ان کے استحقاق مجروح ہونے کا اتنا قصہ نہیں ہے
لیکن یہ بات ضرور ہے کہ ان پچیس ووٹوں میں میرے بھی تھے اور ان کے
بھی ۔ اب بلی کہاں ہے اور گوشت کہاں؟ یہ آپ خود فیصلہ کر لیں ۔ شکریہ!

Mr. Chairman: Thank you. I will now give my ruling on this qeustion. Honourable Senator Qazi Abdul Latif has sought leave to move a privilege motion based on a statement which appeared in the daily 'Nawa-i-Waqt' dated 27th of December, 1988 on behalf of Mr. Javed Jabbar, Minister of State for Information and Broadcasting. In this statement the Minister of State commenting on the election to the Office of Chairman of the Senate had stated that the number of votes obtained by Mr. Tariq Chaudhary indicates the progress made by the Pakistan Peoples Party in the Senate. Objection has been taken to this statement by Qazi Abdul Latif on the ground that this statement is factually incorrect and that this inaccuracy has resulted in breach of privilege of the House. Breach of privilege of the House or of a member refers to those privileges, immunities and powers which are conferred on the House or a member so that the House or the member may be able to more effectively discharge its functions or their functions in accordance with the law and the Constitution. The Constitution guarantees right of free speech to every citizen of Pakistan and this includes the honourable Minister of State. Moreover, I do not see how any observation of this nature made by the honourable Minister in any way amounts to undermining the image, status, prestige or role of the Senate as a legislative body. The honourable Minister has a right to interpret the voting pattern in this House in the manner that he deems fit and of course it is equally the right of any other member of this House to differ with that assessment made by the honourable Minister. In this view of the matter I hold this privilege motion out of order as being hit by Rule 62(2) and (3). Thank you.

Now the next privilege motion is a motion which directly concerns my visit as Chairman of the Senate to the Mazar of the Quaid-i-Azam. I feel it is appropriate that I should not sit and preside when this motion is being discussed. I, therefore, request Mr. Fazal Agha, Deputy Chairman to kindly take the Chair.

*[At this stage the Chair was vacated by the Chairman which was occupied by Deputy Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha).*

**Mr. Deputy Chairman:** بسم اللہ الرحمن الرحیم

Second privilege motion is in the name of Prof. Khurshid Ahmed who is not present. Then Dr. Noor Jehan Panezai and Mr. Hussain Bukhsh Bangulzai. So, I will request Dr. Noor Jehan Panezai to read her privilege motion.

## (ii) RE: BLACKOUT OF NEWS BY PTV REGARDING VISIT OF THE QUAID-I-AZAM MAZAR BY CHAIRMAN SENATE

**Dr. Noor Jehan Panezai:** Thank you Mr. Chairman. بسم اللہ الرحمن الرحیم

I move that the privilege of this House has been breached by the black out of Pakistan Television of the visit of Chairman Senate along with a delegation of Senators representing the whole of Pakistan to the Mazar of Quaid-i-Azam on 11-1-1989 to lay a wreath on the Mazar and offer Fateha, as reported in the daily Nawa-i-Waqt dated 15-1-1989 the Chairman laid a wreath on the Mazar and offered Fateha. Thereafter, Fateha was offered for other national leaders buried in the premises of the Mazar i.e. Mohtarama Fatima Jinnah, Mr. Liaquat Ali Khan, Sardar Abdur Rab Nishter and Mr. Noor-ul-Ameen. The concerned agencies were duly informed of the visit of the Chairman and the delegation to the Mazar.

A team of Pakistan Television was present on the spot to record the event. However, later that day, the event was only shown in the local news and was completely blacked out in the national news at 7.00 p.m. and the *Khabar Nama* at 9.00 p.m. It is believed that black out of the news was as a result of the instructions issued by the higher officials of the PTV and the Ministry of Information and Broadcasting, Government of Pakistan. The black out is an attempt to lower the image of the Father of the Nation as also the image of the Senate of Pakistan. The matter is of a grave and serious nature and requires that leave be granted to discuss the same and the matter be referred to the Prvileges Committee of the House. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Syed Faseih Iqbal Sahib on a point of order.

سید فصیح اقبال: میں نے اور احمد میاں سومرو صاحب نے بھی تحاریک دی ہیں۔ لیکن اس میں آپ نے صرف دو معزز اراکین کے نام لئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے آپ اور احمد میاں سومرو صاحب بھی پڑھ دیجئے۔ بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: میں اس تحریک استحقاق کی تائید کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: احمد میاں سومرو صاحب۔

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, my motion also relates to the same subject. So, I don't think that I should repeat it and waste the time of the House.

سید فصیح اقبال: میں بھی اس کو پڑھا ہوا تصور کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: Is it being opposed?

جناب جاوید جبار: میری جانب سے اور حکومت کی جانب سے اس موشن کو ایڈمسیبل قرار دینے کے بارے میں ہماری طرف سے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ ہم اس کو اپوز نہیں کرتے، ایڈمیسیبلٹی کے متعلق تو میں نے عرض کر دیا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ میرا فرض ہے کہ میں یہ بھی بیان کروں کہ کسی وقت منسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈکاسٹنگ کے کسی افسر نے کبھی کوئی ایسا حکم نہیں دیا۔ وزیر کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اس خاص آئیٹم کو نیشنل نیوز بلیٹن سے بلیک آؤٹ کیا جائے اور نہ ایسی گستاخی کرنے کی کبھی ہمت ہو سکتی ہے آپ نے غور کیا ہوگا کہ حکومت نے برسر اقتدار آنے کے دو دن بعد ہی ابلاغ کے بارے میں ایک نئی پالیسی جاری کر دی ہے، تیسری بات آپ نے غور کیا ہوگا کہ ٹی وی کیمرہ یونٹ مزار پر فنکشن کور کرنے کے لئے گئی تھی اور کچھ بہت عجیب و غریب حالات میں جس کا مجھے بہت

[Mr. Javed Jabbar]

افسوس ہوا جب مجھے اس بات کا پتہ چلا کہ لوکل بلیٹن میں دکھانے کے بعد اسے ۷ بجے اور ۹ بجے نہیں دکھایا گیا اور جب اس بات کا احساس ہوا اور جب مجھے اس کا علم ہوا تو ہم نے فوری طور پر انکوائری آرڈر کی ہے اور میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں سخت ایکشن لیا جائے گا اس deliberate or inadvertant error پر کیونکہ میں اس کو تسلیم کرتا ہوں کہ یہ جو متعلقہ ایڈیٹر تھے یا آفیشلز تھے ٹی وی کارپوریشن میں ان سے یہ غلطی ہوئی ہے میں نہیں سمجھتا کہ وہ دانستہ طور پر اتنی بڑی حماقت کر سکتے ہیں میں اس کے بارے میں اپنی وزارت کی طرف سے کوئی اعتراض نہیں کروں گا اور یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ایکشن لیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر صاحبہ اس بیان کے بعد آپ کچھ فرمانا پسند کریں گی۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! جب وزیر صاحب کو اس پہ اعتراض ہی نہیں ہے تو اس کو ایڈمٹ کر لیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تو آپ کو بھی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے، میں تحریک پیش کرنے والے رکن سے پوچھ لیتا ہوں آپ تشریف رکھیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: اگر وزیر صاحب کو اس پہ اعتراض نہیں ہے تو پھر اس کو ایڈمٹ کریں۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: اگر آپ ایڈمٹ کرتے ہیں تو ہم اس پہ کچھ نہیں بولتے اگر آپ ایڈمٹ نہیں کرتے تو ہم اس پر کچھ بولیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر صاحبہ ایڈمشن کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا اگر آپ اس پر کچھ بولیں گی نہیں ..... جی بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: میں اس پریویلج کے حوالے سے محترم وزیر اطلاعات کی خدمت میں دو اور باتیں بھی کہنا چاہتا ہوں، پہلی بات یہ ہے کہ سینیٹ سٹینڈنگ کمیٹی برائے ڈیفنس پروڈکشن اور Aviation کی ایک میٹنگ ہوئی تھی کمیٹی روم نمبر ۴ میں ۲۶ دسمبر ۱۹۸۸ء کو، یہ تاریخ آپ نوٹ فرمائیں، ۲۶ دسمبر ۱۹۸۸ء کو ٹی وی سے باقاعدہ لوگ تشریف لائے تھے۔ انہوں نے اس کی فلم بنا دی مگر نیشنل ہک اپ تو اپنی جگہ پہ اس کو لوکل نیوز میں بھی نہیں رکھا گیا اس کے بعد اسی کمیٹی کی ایک میٹنگ ۷ اور ۹ تاریخ کو مسلسل پی آئی اے کے ساتھ کراچی میں ہوئی وہاں پر بھی ٹی وی والے حضرات موجود تھے مگر انہوں نے ۸ تاریخ کو شام بجے لوکل نیوز میں نیوز ریل دکھائی مگر رات ۹ بجے کے خبرنامے میں جو نیشنل ہک اپ پر دکھایا جاتا ہے اس میں نہیں دکھائی لہذا اس کو میں اس انداز میں بیان کرنا پسند کروں گا کہ ہماری قومی خدمات کو بالکل بدنیتی کے ذریعے قوم سے چھپایا جا رہا ہے۔ لہذا میں یہ گزارش کروں گا کہ اس میں چونکہ مجھے بدنیتی کا شائبہ نظر آتا ہے لہذا جناب وزیر اطلاعات صاحب اس بات کو نوٹ فرمائیں اور اس پر توجہ فرمائیں، شکریہ!

جناب جاوید جبار: جناب چیئرمین صاحب! اس بات پہ میں عرض کروں گا کہ کسی طریقے سے بھی پوری طرح گارنٹی نہیں دی جا سکتی کہ کوئی خاص خبر ضرور نشر ہو گی خصوصاً ایک ایسے ملک میں جہاں صرف ایک چینل موجود ہے اور نیشنل نیوز بلٹن ۹ بجے کے وقت صرف ۳۰ منٹ کے لئے ہوتا ہے جس میں سارے دن میں اہم نیوز ہوتی ہیں سارے ملک میں صدر، وزیر اعظم چار صوبوں کے گورنر چار صوبوں کے چیف منسٹرز وزراء اور آپ نے دیکھا ہو گا سیاسی جلسے پریس کانفرنسز۔۔۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of order. Does he consider Senate to be unimportant?

Mr. Deputy Chairman: That is no point of order.

جناب جاوید جبار: چیئرمین صاحب! میں عرض کر رہا تھا کہ اب تو ہم پریس کانفرنسیں بھی کور کر رہے ہیں جبکہ یہ ضروری نہیں ہے کہ پریس کانفرنسیں بھی کور کریں سیاسی جلسے بھی کور کریں ۔ مزید آپ نے غور کیا ہوگا کہ اب کئی دفعہ نیشنل اسمبلی اور سینیٹ کے ایوان کی کارروائی سرفہرست، فرسٹ لیڈ، ہیڈ لائن کے طور پر دی جاتی ہے جبکہ صدر اور وزیر اعظم کی خبریں جو پہلے ہمیشہ آئٹم نمبر ون ہوا کرتی تھیں اب نمبر ٹو، نمبر فائیو، نمبر سکس in order of news value آیا کرتی ہیں۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ابلاغ عامہ کے افسران خود اپنے ضمیر اپنی صلاحیتوں کے مطابق فیصلہ کریں کہ کونسی خبر کس مناسبت سے نمبر ون یا نمبر سکستھ پر لائی جائے جبکہ مجھے پوری طرح احساس ہے کہ ایوان کی کارگزاری اور سٹینڈنگ کمیٹیز کے کام کو مثبت بنانے کے لئے ابلاغ کے ذریعے عوام تک اس کو پہنچانا چاہیئے لیکن اس کے بارے میں، میں پوری طرح سے گارنٹی نہیں دے سکتا البتہ میں دونوں کارپوریشنوں کو یہ بات convey کرنے کی کوشش کروں گا کہ یہ ضروری ہے کہ عوام کو یہ اطلاع پہنچتی رہے کہ سٹینڈنگ کمیٹیز کتنی محنت کر رہی ہیں کتنی تحقیقات کر رہی ہیں کیونکہ یہ عوام کے مفاد ہی کے سلسلے میں خدمات ہیں اور بنگلزئی صاحب نے خاص تین کا ذکر کیا ہے اس کے بارے میں، میں تحقیقات کروں گا اور تحریک استحقاق کو جو آپ نے اٹھایا ہے، اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں تو پریویلیجز کمیٹی کو ریفر کیجئے گا ورنہ اگر آپ میرا explanation قبول کرتے ہیں تو وہ بھی مجھے تسلیم ہے۔

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, I respectfully draw your attention to Rule 65 which says:—

> "If the Chairman holds the motion to be in order, it shall stand referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges, unless the Senate decides to consider the question itself."

Therefore, since the honourable Minister has not objected to it, although there was an option, we could accept his explanation. There is no reason not to accept it. But I am sorry that under the rule Sir, if you hold it in order it automatically stands referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges.

Mr. Deputy Chairman: That is right Soomro Sahib. I have not given my verdict as yet, so it is not point of order. Syed Faseih Iqbal.

سید فصیح اقبال: میں وزیر اطلاعات صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس غلطی کا احساس کیا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بابائے قوم کے سلسلے میں یہ غلطی نہیں ہے بلکہ صریحاً ایک بہت بڑا واقعہ ہوا ہے اس کی جتنی بھی اس ایوان میں مذمت کی جائے کم ہے اس لئے کہ اس سلسلے میں تین دن پہلے یہ پروگرام طے ہوا تھا اور اتنی ceremony تھی کہ کمشنر صاحب سرکاری طور پر جیپ لے کر آئے تھے اور باقاعدہ بگل وغیرہ بجا تھا اس میں پاکستان کے دوسرے صوبوں کے دس سینیٹرز ان کے ساتھ تھے۔ اس دن گورنر سندھ کی تاجروں کے وفد سے ملاقات کی خبر تو دی گئی لیکن چیئرمین سینیٹ صاحب کی خبر کا بالکل بلیک آؤٹ ہوا۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کا کیا mechanism ہے ان کو ایسی بھی کھلی چھٹی نہ دیں اس وقت ایسے اہم اداروں پر جو لوگ فائز ہیں ان کو قائد کی حیثیت کا علم نہیں ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں پوری تحقیقات ہوں میں ذاتی طور پر بھی ان کے علم میں یہ لایا تھا کیونکہ یہ چیئرمین کا مسئلہ نہیں ہے یہ پوری قوم کی توہین ہے کیونکہ قائداعظم کے سلسلے میں کوئی دو رائیں نہیں ہیں مجھے علم ہے کہ ان کا وہ بھی بہت احترام کرتے ہیں اور اس میں ہماری حکومت کی بھی کوئی بدنیتی شامل نہیں ہے۔ لیکن یہ ہوتا اور دوسرے دن بھی اس کا مسلسل بلیک آؤٹ ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ انہوں نے بالکل سازش کے انداز میں کوئی کام کیا ہے۔ اس سلسلے میں میں عرض کروں گا کہ اس کی تحقیقات کریں اور قائد کے سلسلے میں اس قسم کی چیزوں کو آپ

[Syed Faseih Iqbal]

نے غلطی کہہ کر ٹال دیا تو یہ اس سے زیادہ بڑی غلطی بھی ہو سکتی ہے کیونکہ پہلی پریس کانفرنس میں قائداعظم کی تصویر پر ہاؤس میں کافی بحث ہو چکی ہے۔ اس کے بعد ٹیلی ویژن سے اس قسم کا اعادہ کرنا میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں پوری تحقیقات ہو اور یہ دوبارہ دکھائی جائے تاکہ ان کو اپنی غلطی کا احساس ہو اور پندرہ دن بعد بھی اس کی اتنی اہمیت ہے میں وزیر صاحب سے ایک مرتبہ پھر پرزور درخواست کروں گا کہ اس مسئلے کو وہ ذاتی طور پر لیں۔

جناب چیئرمین: فصیح صاحب یہ جو آپ نے فرمایا وزیر صاحب نے ان سب باتوں کی تائید بھی کی ہے اور وہ...

سید فصیح اقبال: نہیں انہوں نے جس انداز میں کہا ہے کہ یہ غلطی ہے۔ یہ اس سلسلے میں غلطی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں انہوں نے اس کو oppose بھی نہیں کیا اور voluntarily کہا بھی ہے کہ آپ اس کو پریولیجز کی سٹینڈنگ کمیٹی میں بھجوا دیں۔

سید فصیح اقبال: اس کو دوبارہ دکھا دیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے اس پریولیج موشن کو ایڈمٹ کرتے ہیں۔

and it stands referred to the Standing Committee.

پہلی ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۲۳ پروفیسر خورشید احمد صاحب اور لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر صاحب کے نام سے۔ دونوں صاحبان ہاؤس میں موجود نہیں ہیں لہذا یہ dropped دوسری ایڈجرنمنٹ موشن قاضی عبداللطیف صاحب کے نام پر ہے۔

*[At this stage the Deputy Chairman vacated the Chair which was occupied by the Chairman, (Mr. Wasim Sajjad)]*

## ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Chairman: Adjournment motion, Qazi Abdul Latif, regarding Kashmir House.

## (i) RE: REMOVAL OF THE BOARD "KASHMIR HOUSE" FROM AGHA KHAN ROAD BEFORE THE ARRIVAL OF THE P.M. OF INDIA

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم حالیہ وقوع پذیر قومی اہمیت کے معاملہ پر ایوان کو اظہار خیال کا موقع دیا جائے۔ روز نامہ "جنگ" راولپنڈی ۲۷ دسمبر ۱۹۸۸ء "اسلام آباد میں راجیو گاندھی کے راستے سے کشمیر ہاؤس کے بورڈ اتار دیئے گئے"۔ جناب والا! اس خبر سے ہر محب وطن کی تشویش فطری امر ہے۔ قائد اعظم مرحوم کے بقول کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے راجیو گاندھی کی آمد پر ضروری تھا کہ ان کی ہر گزرگاہ پر مزید بورڈ آویزاں کئے جاتے لیکن اس کے برعکس بورڈ اتارنے سے شبہ ہوتا ہے کہ حکومت نے اس مسئلہ کو نظر انداز کر دیا ہے۔ لہذا اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Syed Iftikhar Hussain Gilani: Opposed.

Mr. Chairman: It is being opposed.

مزید آپ کچھ قاضی صاحب کہنا چاہیں گے۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ہندوستان ہمارا پڑوسی ملک ہے۔ اس کے ساتھ ہمارا سرفہرست تنازعہ کشمیر کے مسئلے پر ہے جس کی بنیاد پر تین جنگیں لڑی گئی ہیں اور اقوام متحدہ کے اندر بھی یہ کیس جا چکا ہے۔ وہاں بھی یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ یہ علاقہ متنازعہ فیہ ہے۔ دونوں ملکوں کو رائے شماری کے ذریعے فیصلے کا حق دیا جائے گا۔ اس کے اندر صرف اتنی بات نہیں ہے۔ قائد اعظم نے بھی یہ کہا ہے پاکستان کا ہر باشندہ یہ محسوس کر رہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کن وجوہات کی بنا پر، میں ان میں نہیں جانا چاہتا لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ

[Qazi Abdul Latif]

وہ پاکستان کا ایک حصہ ہے اور وہاں کی آبادی یہ چاہتی ہے کہ ان کو رائے شماری کا حق دیا جائے۔ لیکن آج تک ہندوستان ٹال مٹول کر رہا ہے اور خصوصیت سے بیانات جب اس نوعیت کے آتے ہیں کہ کشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ ہے تو اس سے یقینی بات ہے کہ پاکستان کو تشویش ہوتی ہے اور پاکستان اس پر اپنے غم و غصے کا اظہار کرتا ہے کافی عرصے کے بعد جب ہندوستان کے ایک ذمہ دار لیڈر یہاں آرہے تھے تو اس مسئلے کو اجاگر کرنا بڑی اہم اور ضروری بات تھی میں یہ تو نہیں کہتا کہ اس کو ایجنڈے میں رکھنا ضروری تھا۔ اس لئے کہ سارک تنظیم کی بنیاد رکھتے وقت یہ کہا گیا تھا کہ متنازعہ فیہ مسائل زیادہ اس کے اندر نہ لائے جائیں گے لیکن یہ بات کہ ان کو یہ احساس بھی نہ دلایا جائے کہ یہ مسئلہ ہماری توجہ کا خصوصی مستحق ہے، اور ہم اس کے لئے بڑے پریشان ہیں اور اس کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ مگر اس کی بجائے یہ بورڈ اتار دینا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک انتہائی کمزوری ہے اور ہندوستانیوں کے حوصلوں کو بلند اور پاکستانیوں کے حوصلوں کو پست کرنے کے مترادف ہے لہذا ایوان میں اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! میں اس تحریک کی پرزور تائید کرتا ہوں اور ہم اسے ایک اتفاقیہ واقعہ نہیں سمجھ سکتے کہ یہ بورڈ اتفاقاً ہٹا دیا گیا تھا۔ کیونکہ بعد میں جو سارک کانفرنس کے موقع پر جو حالات پیش آئے، جناب راجیو گاندھی صاحب اور محترمہ بے نظیر صاحبہ کی جو ملاقاتیں ہوئیں، مذاکرات ہوئے، ان سب میں کشمیر کا نام ہی سرے سے نظر انداز کیا گیا۔ اجلاس سے پہلے پوری قوم اور سب لیڈروں نے مطالبہ بھی کیا تھا کہ راجیو گاندھی کے آنے کے موقع پر کشمیر کا مسئلہ اٹھایا جائے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ ذرا اس کی ایڈمیسیبلٹی پر بحث فرمائیں۔؟

مولانا سمیع الحق: میں یہی کہہ رہا ہوں کہ جان بوجھ کر یہ ہوا ہے کیونکہ بعد میں سارک کانفرنس میں ہونے والے واقعات نے اس کی تائید کر دی تھی۔ یعنی ہماری زمین پر بھارت کے وزیراعظم نے آ کر کشمیر کے مسئلہ کے وجود ہی سے بھری محفل میں انکار کر دیا... گویا ہم پہلے سے ہی یہ تسلیم کر چکے تھے کہ کشمیر کا نام و نشان بھی ہماری کسی سڑک پر نہیں رہے گا۔ یہ ایک بڑا قومی المیہ ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت بھارت اور یہودی لابی مل کر اس پاکستان کے استحکام اور سالمیت کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہے۔ اور بھارت کے عزائم پہلے سے آپ کے سامنے ہیں۔ الیکشن سے پہلے ایسی خبریں آئی تھیں کہ دہلی میں ایک منصوبہ بنایا گیا جس میں بھارت، روس اور اسرائیل بھی شریک ہیں۔ اور وہ اس علاقے میں عدم استحکام، اور اس پاکستان کی بالادستی کو ختم کر کے اسے بھارت کے زیر دست لانے کے لئے کام کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سارے قرائن اور سیاق و سباق دیکھ لیتے مگر یہ انتہائی افسوسناک بات ہے کہ راستے سے "کشمیر ہاؤس" کا بورڈ ہٹا دیا گیا۔ اس لئے میں قاضی صاحب کی اس تحریک کی پُرزور تائید کرتا ہوں کہ اس مسئلہ کو ایوان میں زیر بحث لایا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! پوائنٹ آف آرڈر، ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی صاحبہ پوائنٹ آف آرڈر پر تقریر کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: میں ایک بات اسی سارک کانفرنس کے متعلق کہنا چاہتی ہوں کہ آپ یقین کریں کہ ۴۲ سال سے ایک ریگولر سلسلہ چل رہا تھا کہ ٹی وی پر مظفر آباد کے موسم کا حال بھی پیش کیا جاتا تھا، لیکن اس موقع پر مظفر آباد کو اس میں سے Exclude کر دیا گیا، اس لئے میں قاضی صاحب کی اس تحریک کی حمایت کرتی ہوں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب بہرہ ور سعید صاحب مہربانی کر کے اپنی تقریر مختصر کیجئے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! قاضی صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے پاکستان کے عوام کی صحیح ترجمانی کی ہے، کشمیر جیسے کہ انہوں نے فرمایا، قائداعظم کے الفاظ میں "پاکستان کی شہ رگ ہے" کشمیر کا مسئلہ کیسے اٹھا، میں اس تاریخ میں نہیں جانا چاہوں گا۔ مگر اتنا ضرور عرض کروں گا کہ جب Partition کا فیصلہ ہوا، تو ایک ریڈ کلف نامی، بدنام زمانہ شخص کو یہ حق دیا گیا کہ وہ فیصلہ کرے۔ اس نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ گورداسپور کا ضلع مسلمانوں کی زیادہ آبادی والا ضلع ہے، اس کو ہندوستان کے حوالے کیا اور اس طرح سے اُس نے کشمیر کے لئے کٹھوعہ روڈ کھول کر، کشمیر ان کے حوالے کرنے کی کوشش کی۔

The Indian Independence Act کے ساتھ Instrument of Accession کا ایک سیکشن بھی تھا، اور اس سیکشن میں اس وقت ہندوستان میں جو سٹیٹس تھیں، ان کو یہ حق حاصل تھا، کہ وہ جس ملک کے ساتھ چاہیں شامل ہو جائیں۔ مگر ان کے لئے کچھ شرائط ضرور تھیں۔ کشمیر پر ایک جھگڑا شروع ہوا، یہ مسئلہ تو تھا، مگر یو این او میں راجیو گاندھی کے نانا دادا ہیں یا نانا ہیں، پنڈت نہرو، اس کو وہاں لے گئے (نانا ہیں) وہاں انہوں نے شور مچایا کہ پاکستان کی فوج آئی ہے۔ وہ ماریں گے اور اس طرح سے یہ مسئلہ وہ وہاں لے گیا خود جس پر یہ فیصلہ ہوا کہ اس خطہ میں استصواب رائے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ کہ کشمیر کے عوام پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا ہندوستان میں، اب اس مسئلہ سے انکار کرنا، اور اس سے کسی طریقہ سے ٹال مٹول کرنا، یہ کسی کو زیب نہیں دیتا لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ بورڈ ہٹانے سے کیا فرق پڑتا ہے، وہ تو ہمارے بڑے عظیم Neighbour Country سے آئے ہوئے وزیراعظم

تھے، ہماری بڑی تمنائیں تھیں، خواہشیں تھیں کہ وہ تشریف لے آئیں، مہربانی کرکے پاکستان کی اس سرزمین پر قدم رکھیں، ہم ان کے مشکور رہوں گے۔ یہ تو بورڈ تھا، اگر ان کے بس میں ہوتا تو کشمیر ہاؤس کو اٹھا کر پھینک دیتے۔ ہم نے ان کو خوش کرنا تھا، کہ بھائی آپ آیئے، سر آنکھوں پر، ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں آپ یہ "کشمیر ہاؤس" کے بورڈ کی بات کرتے ہیں، ہم کشمیر ہاؤس قربان کرتے ہیں، ہم بقایا کشمیر بھی آپ کو دے دیتے ہیں، مگر اس سے بھی ان کو تسلی نہیں ہوگی۔ یہ کشمیر بھی آپ ان کے حوالے کردیں، اس کی ماں کی وہ آواز کہ میں نے دو قومی نظریہ کو ختم کردیا، وہ اب یہ چاہتے ہیں کہ یہ جو پاکستان ہے۔ یہ صفحہ ہستی سے مٹ جائے۔ بلکہ وہ تو یہ کہے گا کہ مسلمانوں کا نام بھی دنیا میں نہ رہے تب جا کر اس کو تسلی ہوگی، ہم جتنی بھی خوشامد کریں، کم ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ خوشامد ابھی شروع ہی ہوئی ہے اب جو حکومت ہماری اب آئی ہے۔ انشاءاللہ، اس کی بدولت اب کشمیر کا مسئلہ بھی ختم ہو جائے گا اور اس کے علاوہ اور بھی بڑے مسئلے ختم ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین: آپ جناب کچھ ایڈمیسیبلٹی کے متعلق بھی فرمائیں۔۔۔

(مداخلت)

You know, you cannot keep attacking the integrity of the Government. Mr. Javed Jabbar, you are only please supposed to get up when I ask you to get up. Mr. Behrawar Saeed, please restrict yourself to the admissibility of the privilege motion.

آپ اس کے متعلق بات کریں کہ یہ کیسے ایڈمیسیبل ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بہت اہم ہے،

[ Akhunzada Behrawar Saeed ]

نہایت ہی قومی اہمیت کا حامل معاملہ ہے، تازہ ہے، اس کی تشریف آوری کو یہاں آئے ہوئے زیادہ دیر نہیں ہوئی ہے۔ اس سے ساری قوم کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، اس واسطے اس موشن کی ایڈمیسیبلٹی پہ کوئی جھگڑا ہی نہیں ہونا چاہیئے۔ لیکن جناب میں ایک چیز پہ حیران ہوں کہ جب بھی ہم اس حکومت کا ذکر کرتے ہیں، جس حکومت کے یہ کارنامے ہیں ایک نہ ایک وزیر صاحب بھڑک اٹھتے ہیں، کہ ایسا کیوں ہوا، یہ ہمارا حق ہے۔ ہم یہ کہیں گے اور ضرور کہیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جاوید جبار صاحب، آن پوائنٹ آف آرڈر،

جناب جاوید جبار: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! بھڑک اس لئے اٹھتے ہیں کہ جناب سوائے اپنے کردار کے، باقی سب کے کردار مشکوک نظر آتے ہیں یہ عجیب و غریب چیز ہے، جب بھی یہ تقریر کرتے ہیں تو ہمیشہ ہمارے کردار پر attack ضرور کرتے ہیں۔ اپنے ماضی کے ریکارڈ کو بھی ذرا دیکھ لیا کریں۔

جناب چیئرمین: جناب فصیح اقبال صاحب.....

اخونزادہ بہرہ ور سعید: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! شک تو اس کردار پہ کیا جاتا ہے جو مشکوک ہوتا ہے، اور مشکوک ہے تو ہم شک کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: Akhunzada Behrawar Saeed, it is a pointless debate among you. Mr. Faseih Iqbal.

جناب فصیح اقبال: جناب چیئرمین صاحب! میں جناب فاضل ممبر قاضی عبداللطیف صاحب کی تحریک کی پُرزور حمایت کرتا ہوں۔ اس میں چند گزارشات ضرور کروں گا کہ چونکہ یہ قومی اہمیت کا مسئلہ ہے، یہ عرصہ سے دیکھا جا رہا ہے کہ جب کبھی بھی کوئی ہیڈ آف دی سٹیٹ (سپر پاور یا ریجنل سپر پاور) ہمارے ملک میں آیا ہے، تو ہماری پالیسی ہمیشہ معذرت خواہانہ رہی ہے اور یہ واقعہ اگر صحیح ہے، تو اس قسم کی یہ چیز پوری قوم کے لئے باعث تشویش ہے۔

جب ۱۹۸۳ء میں سارک کانفرنس دہلی میں ہوئی تو پریس میڈیا کی ٹیم میں، میں بھی شامل تھا، اُس وقت انہوں نے پہلی پریس کانفرنس کشمیر ہاؤس میں کی اور ہمارے کسی ممبر نے یہ محسوس نہیں کیا کہ کشمیر ہاؤس جا رہے ہیں اس لئے اس کا بورڈ ہٹا دیں۔ انہوں نے نام رکھے ہوئے ہیں، جیسے حیدر آباد ہاؤس، جس کو ہندوستان نے زبردستی پولیس ایکشن کر کے حاصل کیا۔ ایک ملک کے بارے میں اگر ہم لوگ اس قدر حساس رہے، تو درست نہیں ہے۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں تھی کہ ضرور بورڈ ہٹا دیا جاتا۔ صرف ان کی خوشنودی کے لئے، یہ دیکھا گیا ہے کہ ہمارے بیورو کریٹس ہمیشہ سیاسی پالیسیاں بھی خود طے کرتے ہیں۔ اگر یہ معذرت خواہانہ پالیسی نہیں تھی تو اور کیا تھا، ایک صرف بورڈ کے ہٹانے سے کشمیر کا مسئلہ ختم تو نہیں ہوتا۔ اب کو سب کچھ معلوم ہے کہ آزاد کشمیر کی گورنمنٹ ہے۔ اس میں فلاں صدر ہے مظفر آباد اس کا کیپٹل ہے۔ تو میں یہ کہتا ہوں کہ یہ قومی اہمیت کا مسئلہ ہے اور اس کو قانونی موشگافیوں اور

میں نہ لایا جائے یہ پوری قوم کا مسئلہ ہے اور تمام قوم کے لئے باعث تشویش بات ہے۔۔۔۔

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Mr. Hasan A. Shaikh. Please now stick to the admissibility of the adjournment motion................

*(Interruptions)*

Mr. Hasan A. Shaikh: The question of admissibility appears to have been accepted because nobody has spoken against the admissibility.................

*(Interruptions)*

Mr. Chairman: No. No. I have yet to ask the honourable Minister....................

*(Interruptions)*

**Mr. Hasan A. Shaikh:** I may be permitted in case somebody says some thing against the admissibility then I would make my submission.

**Mr. Chairman:** I would only ask other members to speak in case I need any assistance on this question but if somebody wants to speak on admissibility alone, only then I will permit another speech.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Yes, I support admissibility but in case somebody makes some statement against admissibility then I may be allowed to make the speech again.

**Mr. Chairman:** Are you opposing it Mr. Javed Jabbar?

*(Pause)*

Yes honourable Minister of Law.

سید افتخار حسین گیلانی : جناب چیرمین ! یہ مسئلہ صرف بورڈ ہٹانے کا تھا۔ جس کو فاضل ممبران صاحبان دوسری طرف لے گئے۔ وزیر خارجہ صاحب ابھی ہاؤس میں سٹیٹمنٹ بھی دینے لگے ہیں جس میں سارک کانفرنس کا سارا ذکر آئے گا۔ اس کا ذکر میں نہیں کرنا چاہتا میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں کچھ قوانین ہیں اور پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے پہلے دن اسمبلی کے فلور پہ یہ عرض کیا کہ ہم قانون کا ہمیشہ احترام کریں گے۔ چاہے رولز ہوں یا ریگولیشنز، کشمیر کا مسئلہ کوئی نئی بات نہیں ہے ہماری حکومت کا موقف سب کو پتہ ہے شملہ معاہدہ بھی اسی حکومت کا کیا ہوا چلا آ رہا ہے۔

یہاں جناب کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ریگولیشنز نافذ ۱۹۶۰ء

CDA Ordinance 1960 پھر اس کے تحت

Control of Advertisements Regulations 1977

بنے ہیں۔ اس میں جناب ایک طریقہ دیا گیا ہے کہ جب آپ کوئی بورڈ display کریں گے۔ آپ اس کی اجازت لیں گے، جگہ بتائیں گے سائز بتائیں گے۔

This is section 51 of the Capital Development Authority Ordinance 1960. It says:

> "The Authority may make regulations not inconsistent with the rules, if any, on all matters for which regulations are necessary or expedient and such regulations shall be published in the official gazette".

Mr. Chairman: Which is this section ?

Syed Iftikhar Hussain Gilani: This is section 51 of the Capital Development Authority Ordinance, 1960.

جناب CDA نے یہ ریگولیشنز ۳۰ نومبر ۱۹۷۷ء میں نوٹیفائی کئے ہیں۔

These are called Islamabad Control of Advertisments Regulations, 1977.

اب اس کی پہلی سیکشن، پھر سیکشن ۲ ہے۔

> "Definition: Advertisements mean any words, letters, models, sign, play card, board, notice, device or presentation whether illuminated or not in the nature of and employed wholly or in part for the purposes of advertisement, announcement or direction".

So, I beg to draw this honourable House's attention to the words "or direction". These were the boards, Sir, for direction.

اور یہ ایک بورڈ نہیں ہے تین بورڈ لگے تھے۔ جس میں ایک یہ بورڈ تھا جو کہ unauthorized جگہ پہ لگا تھا۔ medium strip پہ لگا تھا dual carriageway پر۔ *(laughter)*

Mr. Chairman: No laughter please.............

*(Interruptions)*

سید افتخار حسین گیلانی: میڈیم strip پہ جناب پہ لگا تھا۔ on dual carriageway in front of Holiday Inn.

[Syed Iftikhar Hussain Gilani]

اس کے لئے کوئی اجازت نہیں لی گئی تھی - آج بھی ہمیں یہ دکھادیں کہ اجازت کسی نے لی تھی - اس لئے اس کو ہٹایا گیا - اس کے علاوہ جیسے میں عرض کیا کہ دو بورڈ ابھی بھی لگے ہوئے ہیں۔ بلکہ اسی کشمیر ہاؤس کے تین بورڈ directions کے ابھی بھی لگے ہوئے ہیں - جو اجازت کے ساتھ انہوں نے ابھی بھی لگائے ہوئے ہیں، اور میں اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں ایسی کوئی بات نہیں تھی - ہاں ہم احترام کرنا جانتے ہیں۔ وہ اگر اس احترام کو خوشامد کہتے ہیں تو ہم بالکل خوشامدی ہیں - ہم یہاں ہاؤس کا بھی، مہمانوں کا بھی احترام کرنا جانتے ہیں - احترام سے کبھی یہ مراد نہیں کہ ہم میں کوئی کمزوری ہے - پاکستان کے عوام کی طاقت سب جانتے ہیں - کشمیر کے مسئلے کی اہمیت بھی ہم سب جانتے ہیں - مہمان جب تشریف لائیں گے ہم ان کا احترام کریں گے - اور پھر ہمارے اس ملک کی روایت بھی ہے اس پہ ناراض ہونا کہ کسی کی عزت کی تھی غلط ہے ہم عزت کریں گے لیکن اس کا قطعاً مقصد یہ نہیں تھا کہ کسی کو خوش کرنے کے لئے یا کسی کو ناراض کرنے کے لئے بورڈ ہٹایا گیا۔ بالکل قانون کی . . . . .

جناب چیئرمین: ایک چیز کی آپ وضاحت کر دیں کہ یہ بورڈ جو آپ نے ہٹایا ہے غالباً ابھی ہٹایا ہے جبکہ ریگولیشنز ۱۹۷۷ء کے ہیں۔ تو یہ بورڈ تو وہاں کافی عرصے سے لگا ہوا ہوگا؟

سید افتخار حسین گیلانی: جناب یہ مجھے پتہ نہیں کہ یہ کب کا لگا ہوا تھا لیکن یہ ہٹایا گیا . . . . (مداخلت)

Mr. Chairman: No. No. No member is to speak unless I call upon him to speak. This is in accordance with the rules. The honourable Law Minister is speaking, I have asked him a question and he is going to reply to that.

سید افتخار حسین گیلانی: جناب incidentally it happened کہ انہی دنوں کسی کارندے نے ریگولیشن کے مطابق اس بورڈ کو ہٹایا باقی قطعاً یہ ارادتاً نہیں کیا تھا۔ نہ حکومت کی طرف سے ایسی کوئی directions دی گئی ہیں اگر حکومت کی طرف سے کوئی ہدایات دی گئی ہوتیں تو وہ کسی سے چھپی نہ ہوتیں۔ دوسرے بورڈ لگے ہوئے ہیں اور جن کی اجازت لی گئی وہ صحیح جگہوں پر ہیں ان کو ہٹانا مقصود ہوتا تو وہ بھی ہٹاتے۔ جن کو شبہ ہو ان کو دکھا دیں گے۔ وہ تین بورڈ لگے ہوئے ہیں تب بھی لگے ہوئے تھے اب بھی لگے ہوئے ہیں۔۔۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر بورڈ تو incidentally جس طرح بھی ہوا ہٹایا گیا لیکن مظفر آباد کا موسم کیوں ٹی وی سے exclude کر دیا گیا تھا۔

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین! میں معزز وزیر سے صرف یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا راجیو گاندھی صاحب کوئی CDA کے چیئرمین تھے جنکے آنے سے سی ڈی اے والے بڑے پریشان ہو گئے کہ بورڈز چیک کریں کہ قواعد کے مطابق لگے ہوئے ہیں یا نہیں؟ اس کا سی ڈی اے سے کیا تعلق ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعے سوال نہیں پوچھا جا سکتا۔۔۔

(*Interruptions*)

Mr. Chairman: I think I conclude the debate on this and I will now give my ruling. The honourable Senator Qazi Abdul Latif...

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب۔

جناب چیئرمین: جی۔ قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! مجھے وضاحت کرنی ہے۔ ہمارے قابل

[ Qazi Abdul Latif ]

احترام وزیر صاحب نے قانون کے احترام کا تذکرہ فرمایا ہم ان کے مشکور ہیں اور یہی توقعات رکھتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جس طریقے سے آپ نے ہی اس کی طرف اشارہ فرمایا کہ قانون بڑے عرصے سے بنا ہوا تھا اس موقع پر اس پر عملدرآمد کرانا، میرا خیال ہے کہ اس کا لازماً نتیجہ یہ نکلتا ہے گویا کہ اُن کے جذبات کو مجروح ہونے سے بچانا تھا۔ اور جس طریقے سے دوسرے معزز اراکین نے اس کی طرف اشارہ کیا اگر یہ بات نہیں تھی کہ ان کے جذبات کو محفوظ رکھنا تھا تو پھر ٹی وی سے کشمیر کا موسم غائب کر دینا، اُس کا کیا جواز تھا؟ لیکن میں گزارش کروں گا کہ جس طریقے سے اس کانفرنس کو نبھایا گیا ہے اس سے یقینی طور پر تمام پاکستانیوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ کشمیر کے مسئلے کو صرف نظر انداز نہیں بلکہ نسیاً منسیاً کر دیا گیا ہے۔ لہذا میں گزارش کروں گا کہ اس پر ضرور بحث کرائی جائے۔

سید افتخار حسین گیلانی: میں تو نہیں چاہتا تھا کہ پچھلی حکومت پر axpersions cost کردوں لیکن آپ مجبور کرتے ہیں۔ میں بالکل مانتا ہوں کہ قانون کا احترام ہونا چاہیئے تھا لیکن گیارہ سال نہیں ہوا قانون کا احترام۔ میں یہی کہتا ہوں کہ میں چیئرمین صاحب کی اس آبزرویشن کے سامنے سر جھکاتا ہوں کہ بالکل قانون کا احترام تب بھی ہونا چاہیئے تھا جو نہیں ہوا۔ اب انشاءاللہ پہلے دن سے کہہ رہے ہیں کہ اب چھوٹے سے چھوٹے قانون کا بھی اتنا ہی احترام ہوگا جس طرح کہ آئین کا احترام ہوا ہے اسی لئے میں نے کہا جیسے ہی کارندوں کو پتہ چلا کہ ہم قانون کا احترام کرنا چاہتے ہیں، تو یہ کام کیا گیا ہے۔

Dr. Bisharat Elahi: Point of order, Sir. Mr. Chairman, Sir, through you I would like the honourable Minister who has been so foreceful in his assurance that the laws will be observed to give a categoric assurance to this House that all the boards in the Capital

Development Authority in Islamabad are according to the rules which he has just mentioned.

Mr. Mahmood Ahmed Minto: I want to speak.

Mr. Chairman: Yes please.

جناب محمود احمد منٹو: ہمارے وزیر عدل نے بڑے زور شور سے چند باتیں کہی ہیں جو میں بڑے افسوس سے کہتا ہوں کہ قطعاً غلط ہیں اور بے بنیاد ہیں اور خلاف واقعہ ہیں۔ ایک یہ کہا گیا کہ حکومت کی کوئی ڈائریکشن نہیں تھی کہ یہ بورڈ ہٹایا جائے۔ دوسرے الفاظ میں وہ کہتے ہیں کہ ہم تو قانون کی پابندی کراتے ہیں، قانون کی پابندی کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے ڈائریکشن دی کہ یہ سی ڈی اے کا قانون ہے اس واسطے یہ بورڈ ہٹاؤ، پابندی اگر انہوں نے کرائی ہے تو اس کو own کیوں نہیں کرتے بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور جو واقعات بورڈ ہٹانے کے بعد ہوئے ہیں وہ کچھ اور ہیں وہ یہ ہیں کہ راجیو گاندھی نے وہاں جا کر بیان دیا کہ جب پریس والوں نے اس سے پوچھا کہ کشمیر کے متعلق بھی کوئی بات ہوئی تھی تو وہ کہنے لگا ہاں کشمیر کے متعلق بات ہوئی تھی ہم نے کہہ دیا ان کو کہ یہ ہمارا اٹوٹ انگ ہے اور اس کے مقابلے میں یہاں پاکستان میں ہماری وزیر اعظم صاحبہ نے یا ان کے کسی لیفٹیننٹ نے کوئی بیان نہیں دیا کہ کشمیر کے متعلق ہم نے یہ کہا کہ کشمیر ہمارا ....

سید افتخار حسین گیلانی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب میں پھر وہی بات چھیڑنا چاہ رہا ہوں کیونکہ وزیر خارجہ صاحب اسی معاملے پر سٹیٹمنٹ دینے لگے ہیں شاید انہوں نے روسٹر نہیں پڑھا ابھی پانچ منٹ میں اس سارک کانفرنس کے متعلق جو بیان وہ دینے والے ہیں اس میں یہ ساری بات cover ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب منٹو صاحب، میرے خیال میں اب اس پر

کافی بحث ہو چکی ہے۔

جناب محمود احمد منٹو : جناب میں نے تو کوئی ۔ امنٹ ہوئے تھے ہاتھ کھڑا کیا تھا جناب کی نظر عنایت میری طرف نہیں ہوئی تھی اب اگر میں کچھ بات کہنے لگا ہوں تو حوصلہ کریں کوئی بات نہیں ، بات سن لینی چاہیئے۔

جناب چیئرمین : ضرور کہیں لیکن ایڈمیسیبلٹی پر کہیں۔

جناب محمود احمد منٹو : جناب ایڈمیسیبلٹی تو بالکل ظاہر ہے ، انہوں نے کہہ دیا ہے کہ یہ معاملہ بالکل تازہ ہے ، نہ صرف تازہ ہے بلکہ جاری ہے ، بہت زیادہ اہم ہے ، قوم کے جذبات جتنے اس سے مجروح ہوئے ہیں اور کسی چیز سے نہیں ہو سکتے کیوں کہ اگر ہماری شہ رگ کاٹی جائے اور ہماری حکومت اس کے متعلق ایک لفظ نہ کہے اور نہ کہنے کی جرأت کرے اور اچھا بھلا ایک فیصلہ جو جواہرلال نہرو کے ساتھ اقوام متحدہ میں پھر ایک شملہ معاہدہ ہوا اس میں کہا گیا کہ ہم آپس میں بیٹھ کر بات کریں گے ، اور یہ بھی کہا کہ دونوں فریق جب چاہیں گے کریں گے جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک آدمی نے ایک چیز غصب کر لی ہے ایک ملک ہضم کر لیا ہے ایک حصہ ہمارا ہضم کر لیا ہے تو جس وقت اس کا دل چاہے گا ہم اس کے ساتھ بات کر لیں گے۔ ورنہ نہیں کریں گے ، آج ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ کشمیر کے معاملے کو جس طریقے سے پس پشت ڈالا جا رہا ہے اس کو یہ حضرات یہ جو قانون کے بڑے دعویدار ہیں جمہوریت کے بڑے دعویدار ہیں ذرا قومی معاملات کے دعویدار بھی بن جائیں اور قوم کی شہ رگ کو بچانے کے لئے بھی کچھ ذرا سی موومنٹ کریں تو ہم کو پتہ چلے گا کہ یہ شاید اپنے دعووں میں سچے ہیں صرف خوشامد نہیں کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : مزید بحث کی اب ضرورت نہیں ہے۔

I will give my ruling on this.

حضور والا! ابھی سارک کانفرنس میں دو تین معاہدے ہوئے ہیں ان تین معاہدوں میں یہ کہا گیا ہے کہ cultural shows کے لئے وہاں کے آرٹسٹ یہاں آئیں گے اور ایک بڑی بات جسے ہم فخر سے کہہ رہے ہیں ہم ایک دوسرے کے نیوکلیئر سٹیشن پر حملہ نہیں کریں گے اگر واقعی ہم اسی خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ ہندوستان ہمارے وجود کو تسلیم کر لے گا تو وہ عدم جارحیت کا معاہدہ کرنے کے لئے کیوں تیار نہیں ہے جس سے ہمیں یہ فائدہ ہوگا کہ ہم اپنی فوجوں کی تعداد کم کر سکیں گے ہم نیوکلیئر strategy سے واپس آجائیں اسے صرف اس حد تک محدود رکھیں جو ہماری ضروریات کے لئے ہو لہٰذا جو روپیہ بچے وہ اپنی قوم کی فلاح و بہبود پر خرچ کریں کوئی انقلابی پروگرام کیوں نہ لائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اس پر معترض ہوں کہ جہاں تک ہمارے کلچر اور ان کے کلچر کا تعلق ہے اس میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ انگریزی کلچر سے آج تک ہم خلاصی حاصل نہیں کر سکے۔ للہ فی اللہ ان کو یہ موقع کھلے طور پر نہ دیا جائے کہ وہ یہاں آکر ہمارے کلچر کو مزید خراب کریں اور وہ ہندووانہ ذہنیت جو ہمارے دلوں میں جمی ہوئی ہے اور انکے رسم و رواج ہمارے سینے سے نہیں نکل رہے ان کو اجاگر کریں ان کو یہ موقع نہ دیا جائے اور عدم جارحیت کا معاہدہ اگر کرنے کے لئے وہ تیار ہیں تو وہ کر لیں اور اس سے جو بچت ہو وہ قوم کی فلاح و بہبود پر خرچ کریں۔

جناب والا! یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ اس وطن میں آیا کوئی مفید کام ہوا ہے یا نہیں ہوا۔ جینوا معاہدہ کے بعد اس وطن میں فسادات بہت کم ہوئے ہیں۔ اس کے بعد میں فخر سے کہوں گا کہ جب سے پیپلز پارٹی برسر اقتدار آئی ہے تو اس انتشار میں کمی آئی ہے اور بم بلاسٹ میں بھی کمی آ گئی ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہی لوگ جو ہمارے خلاف سازشیں کر رہے تھے ان کی حق رسی ہو چکی ہے کیونکہ دوس نکل رہا ہے لہٰذا ان کا کوئی عمل دخل نہیں رہا اگر کوئی اکا دکا بے ضمیر لوگ کریں گے

[Mr. Shad Muhammad Khan]

تو بیران کا اپنا کردار ہوگا۔ اسی طرح سندھ میں لسانی جھگڑوں پر پیپلز پارٹی
کو بہت توجہ دینی چاہیئے تاکہ وہ پریشانی پھر نہ پیدا ہو، اور فضا مکدر نہ ہو۔
وہاں کے مہاجرین سے ہماری ملاقات ہوئی تو وہ یہی کہہ رہے تھے کہ ہمیں گلہ تو سندھیوں
سے ہے اس لئے کہ کوٹہ کی خلاف ورزی ہو رہی ہے دیہاتوں میں بھی اور شہروں
میں بھی انہیں سیٹیں نہیں دی جا رہیں لہذا ہمارا جھگڑا پٹھان بلوچ یا پنجابی سے
نہیں ہمارا جھگڑا تو سندھی سے ہے لہذا اس کی طرف فوری توجہ دینی چاہیئے۔ تاکہ
وہ بغاوت کی شکل اختیار کر کے پیپلز پارٹی کے لئے کسی پریشانی کا باعث نہ بنیں۔
جناب والا! اس ہاؤس میں بار بار یہ بات آتی ہے
اور میری سمجھ میں یہ نہیں آتی یہاں کوئی وڈیرا ہے۔
یہاں کوئی جاگیردار ہے یا بڑا زمیندار ہے۔ ایوب خان کی زرعی اصلاحات
کے بعد ۳۶ ہزار یونٹ کی حد مقرر کی گئی اس کے بعد جناب ذوالفقار علی بھٹو
صاحب نے اصلاحات کیں تو یہ حد صرف آٹھ ہزار یونٹ تک رہ گئی جو صرف
subsisting holding قرار دی گئی لہذا اس چیز کو بار بار اجاگر کرنا اور
یہ سیاسی پلیٹ فارم بنانا غلط ہے کہ یہاں وڈیروں کی حکومت ہے یہاں جاگیرداروں کی
حکومت ہے یا فلاں کی حکومت ہے یہاں تو جاگیردار کا نام و نشان ہی نہیں رہا
وڈیرے کا نام و نشان ہی نہیں رہا صرف subsisting holding ہے اور
لہذا اس جاگیرداری کے تاثر کو اس ہاؤس سے
ختم کرنا چاہیئے۔ مجھے تو کوئی جاگیردار نظر نہیں آتا جو یہ
دعویٰ کرے کہ میرے ——— باپ دادا سب جاگیردار تھے اور انہوں نے
اس وطن کو یا وڈیروں نے سندھ کو گروی رکھ لیا تھا یہ تاثر غلط ہے اور اس
پروپیگنڈہ کو ختم کرنے میں جناب جاوید جبار صاحب ہماری مدد کریں۔
حضور والا! ہر حکومت جو آتی ہے وہ ایک پروگرام لے کر آتی ہے اور ایک
منشور لے کر آتی ہے اور اس کو اجاگر کرنے کے لئے مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا

ہے کہ بیوروکریسی یا نوکر شاہی کو موردِ الزام گردانا جاتا ہے اور جب حکومت بدلتی ہے تو بے دھڑک اور بے سوچے سمجھے بیوروکریسی پر نزلہ گرتا ہے وہ تو حکومت وقت کی وفادار ہوتی ہے جو پالیسیاں آپ دیں گے وہ ان کی تائید کرے گی اور تعمیر کرے گی لیکن آپ نے رولز آف بزنس بھی بنائے ہوئے ہیں اگر کوئی سیکرٹری رولز آف بزنس کی پرواہ نہ کرتے ہوئے کسی وزیر کا کہا یا ناجائز حکم نہ مانے تو اس کو زیر عتاب لا کر فی الفور ٹرانسفر کیا جاتا ہے لہذا بیوروکریسی کو مایوس نہ کریں ان کو موقع دیں کہ وہ آپ کی خدمت کرے ان کو ایک پالیسی دیں جس پر خود بھی عمل کریں اور ان سے بھی کروائیں اور نوکر شاہی یا بیوروکریسی کو بدنام کرنا میرے خیال میں اچھا نہیں ہے ان لوگوں کو موقع دیں وہ آپ کی back-bone ہیں آپ کی سپورٹ ہیں تاکہ وہ آپ کے لیے ایسی پالیسیاں مرتب کرے جو آئندہ کے لیے موثر ثابت ہوں۔

حضور والا! میں یہاں یہ ذکر کروں گا اور کل بھی اس پر بڑا جھگڑا ہوا ہے کہ پانچ نکاتی پروگرام جو سابقہ حکومت نے چلایا تھا اس پانچ نکاتی پروگرام کا جائزہ لینے کے لیے میں اپنے آپ کو احتساب کے لیے پیش کرتا ہوں کیوں نہ اچھی چیز کو اپنایا جائے اور آج بھی دو ارب روپیہ آپ کے پاس پیپلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے لیے پڑا ہوا ہے پروگرام کا صرف نام تبدیل کر دیا ہے لہذا فی الفور ان نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے کیونکہ صحیح منصوبوں کی نشاندہی یہ نمائندے کر سکیں گے خواہ اپوزیشن کے ہوں خواہ حکومت کے ہوں، ان کو اکٹھا بٹھا کر اس پروگرام کو چلانا چاہیئے تاکہ دیہاتوں کے لوگ جو آپ سے محرومی کا گلہ کر رہے ہیں وہ آپ سے گلہ نہ کریں اور آپ ان کی تلافی کر سکیں یہ بڑے اچھے منصوبے ہیں جو چل رہے ہیں لہذا جو کام بند ہیں ان کو فی الفور بحال کرنا چاہیئے ان کے کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے ان میں خوبی یہ ہے کہ ان منصوبوں کی feasibility پر کافی کام ہو چکا ہے اور جو کام

اس حکومت نے بند کر دیئے ہیں وہ اس کے لئے باعث ندامت ہوں گے۔ اوران کاموں پر فی الفور توجہ دے کر ان کو جاری و ساری رکھنا چاہیئے تاکہ دیہاتی عوام اس سے مستفید ہوں اور اس سے فائدہ حاصل کر کے آپ کی حکومت کی back-bone بنیں۔

جنابِ والا! میں سیاسی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں بلوچستان اسمبلی کا ذکر نہ کروں تو اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا اگر یہ باتیں تسلیم کر لی جائیں کہ اکابرین کو کوئی نہیں تھا اور راتوں رات گورنر کی سازش پر یا جمالی کی سازش پر اسمبلی توڑی گئی ہے تو ان کو جھجک نہیں ظاہر کرنی چاہیئے تھی ان کو ریفرنس میں جانا چاہیئے تھا جس طرح سابق مرحوم صدر کے فعل کو غیر آئینی تصور کیا گیا اس طرح گورنمنٹ یہ ریفرنس کرتی اور اسمبلی بحال ہو جاتی اور سابقہ دور میں پیپلز پارٹی کی حکومت میں جو بڑے ظلم ہوئے ہیں ان کا مداوا بھی ہو جاتا اور اسمبلی بحال ہو جاتی اور جس کی اکثریت ہے اس کی حکومت بن جاتی لہٰذا اس الزام کو دھونے کے لئے حکومت کو پہل کرنی چاہیئے اور ان لوگوں کی تلافی کرنی چاہیئے تاکہ وہ لوگ آپ سے گلہ و شکوہ نہ کریں۔

حضور، بیروزگاری کے متعلق حکومت کا بڑا وسیع پروگرام ہے لیکن اخبارات میں بعض اوقات متضاد بیانات پڑھ کر میں مایوس ہو جاتا ہوں کبھی کہتے ہیں کہ سابقہ ۲۰ ہزار ملازمین جن کو بھرتی کیا گیا ہے ان کی scrutiny ہو رہی ہے وہ قواعد و ضوابط کے مطابق بھرتی نہیں ہوئے لہٰذا فی الفور ان ۲۰ ہزار کو فارغ کئے جانے کے متعلق لوگوں میں خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔ اس کے بعد ایک نئے نظام کو جسے by lateral entry کہتے ہیں جو سابقہ دور میں ناکام ہو چکا ہے، بحال کیا جا رہا ہے، اگر آپ پچاس پرسنٹ گریڈ ۱۷ سے ۲۰ گریڈ کے سول سروس کے افسران کی جگہ باہر سے غیر سنجیدہ اور غیر تربیت یافتہ لوگوں کو لائیں گے اور ان کو تعینات کر کے کسی پارٹی کو خوش کریں گے تو آپ کے لئے اچھا نہیں ہو گا۔ کیونکہ وہ نااہل لوگ آپ کے کام نہیں آسکیں گے جن کو تجربہ نہیں ہو گا۔ اس سے بیروزگاری

Mr. Ahmedmian Soomro: Thank you, Mr. Chairman, for giving me this opportunity. We are actually discussing a motion and I would be relevant to that which talks of discussing the political situation in the country after November, 1988 elections and the induction of the new government. So, Sir, confining myself to the relevancy of the resolution, I would like to state here that this present Government has come in after a democratic process having been set in motion by having free, fair and just elections about which I do not think there has been any claim to the contrary, and for this, primarily, I think the credit goes to the President, Mr. Ghulam Ishaq Khan, who was then at the helm of affairs. Sir, as result of that election, the Peoples Party came as the largest single party in the Federal set-up alongwith some other indpendents and certain other parties, they got the majority and they were called upon to form the Government. In reality, I would not say that it is a Peoples Party Government, a single party government. It is, in fact, a coalition of the Peoples Party, the MQM and some other parties and that is why I have termed it as "a coalition government". Similarly, in the provinces parties other than the Peoples Party except in the case of Sindh formed the government. In Sindh, they got an overwhelming majority and were entitled to form the government and could alone even have formed a stable government. In the Punjab, it was otherwise. It was the IJI who got the majority and, they therefore, under the Constitution had the right to form the government there, which they have done. It was unfortunate that hardly this democratic system had taken off that the unfortunate incident of dissolution of the Baluchistan Assembly took place. Sir, at this stage, I would not go into the merits or demerits, since the matter is subjudice and particularly as a lawyer, I would not like to comment on anything which is before the superior courts. But the incident, no doubt, was very unfortunate and a great impediment in the progress of democracy. Here, I would like to advice our young and energetic Prime Minister that as she has repeateldy announced that they want to abide by the Constitution, it is a welcome announcement. She should allow the Province of Punjab where the party in power is of the opposition party at the Federal level. We have in India, so many provinces where the government is not of the majority party in the Centre. Since a long time we know that in Calcutta, they have a Marxist Government at the province but they have been able to run together and in the interest of democracy, I would advise her to take the provinces alongwith herself. Let the Constitution function in the

[Mr. Ahmedmian Soomro]

provinces and the Centre. Here I would also appeal to the Chief Minister of the Punjab Province that there is some responsibility on him also to see that this cart of democracy runs smoothly. The situation at present prevailing between the Federal Government and the Provincial Government in Punjab is certainly not satisfactory and it is not in the proper interests of running of democracy. We have got this system after quite a long time again. Let us forget our differences, let us all keep our national interests supreme and try to cooperate with each other to see that this cart of democracy is able to run smoothly.

Here, Sir, the position of the Senate is a bit peculiar from the point of view that the ruling party at the Federal level is in a very small minority in the Senate but Sir, there is no need to be disillusioned by this, there is no need to be disheartened by this. We have examples in the present day even of the democracy functioning in the United States of America, in the country of Canada both of which have bi-cameral legislatures but still a way has been found out, where there is no breakdown of the government machinery. In Canada, which as a Member of the Senate Delegation I had the provilege to visit and study their system and that of the United States of America and Argentina. Sir, the system has been devolved there whereby in the case of controversial legislature between the Senate and the Lower House a joint-committee of both the Houses is formed. They get together; they sort out the matter and as a convention that is accepted by both the Houses. There is no reason why this step could not be taken in this country in the interest of smooth functioning of democracy. I would like to reiterate here that nobody has the right to dub another as being unpatriotic. I am not saying that it so for it is being done but it has been done in the past. Unfortunately, in the past every Opposition was not only dubbed as un-patriotic but the people were dubbed even as traitors which is the greatest abuse a person could get. Sir, in the Senate here I think the first day that the Prime Minister came and so far that was the only day this Senate had the pleasure of having her here, in coming to the Senate where she came un-noticed and went away un-noticed; I think in my humble opinion when she came to the Senate she should have addressed the Senate. She should have sought the cooperation of the Senate. After all this was the only democratic body functioning in the absence of the National Assembly when it was dissolved. I am

confident, Sir, had she availed of that occasion, she would not have been disappointed at the response she would have got. After all the Senate in its term of over 3½ years so far has had an excellent performance from this point of view that they have judged each issue on merits. They have not taken a decision against the interests of the country nor on any issue they have taken personal or other considerations which should not have been there. The Senate has always functioned objectively and that is why in the Senate we find that the House really is not divided in the sitting arrangement even between the Opposition and the Government benches. There is, in fact, in the real sense not even a Leader of the Opposition as you have in the National Assembly. There has been cooperation on several occasions between the Government and the various schools of thought in the Senate. The Senate has proceeded like a brotherhood. Any issue that has come before them they have tackled it on merits. Therefore, there was no reason why the Prime Minister, when she came to the Senate for the first time, could not take the Senate into confidence, did not appeal to them for cooperation and as I have already said, she would have not been disappointed.

There are quite a few of the Senators who still maintain their independence. Since the last 3½ years or less occasions are not wanting where the Government on very critical issues (I am referring to the previous government, Sir) had got the unanimous cooperation of all members of this House in important decisions. One of those I would say, Sir, was also the Eighth Amendment.

Sir, it is really surprising when we some times read statements of dissolution of the Senate. It only shows ignorance of the persons giving those statements. If they had read Article 57 of the Constitution, only taken the trouble of spending two minutes on reading that, I think, they would never have given that statement because the Constitution is very clear on this point that the Senate cannot be dissolved at any stage.

Then, Sir, they have been talking of withdrawing the Eighth Amendment. Sir, we have very eminent and learned lawyers in the present Government. I cannot understand how responsible persons in the Government could talk of repealing the Eighth Amendment. I can understand their talking of repealing some of the clauses of the Eighth Amendemtnt, (without prejudice on how far I agree with it or

[Mr. Ahmedmian Soomro]
not, in respect of whichever one they want) but to say that they want the repeal of the Eighth Amendment, seems an impossibility. Because certain things have already happened which cannot be undone. So, how can they talk of repealing the Eighth Amendment. For example, Order XIV of 1985, which was approved in the Eighth Amendment fixed the term of this very Senate at six years, half to retire every three years. Half did retire, their vacancies have been filled in. So, how can they now think of undoing that? Is it possible? I mean responsible people in Government should make responsible statements. After all statements from Government are a guide to the public. What would the public feel? As I said, Sir, I will not take much time to go into details as to what should and what should not be done but their assertion of wanting to repeal the Eighth Amendment, I think, Sir, they should reconsider such statements and give statements which are practical.

Then, Sir, the Prime Minister had on one occasion said that she would like to strengthen the Senate. It is very commendable. It is going on the line and pattern of the countries where democracy has functioned since a long time and the Senates of such countries really enjoy importance because the Senate, as I pointed out, Sir, is a help to the Government. I would give the example of a report which I had the honour to present to this House day before yesterday on Petroleum, Gas and other subjects. I think if the Government goes through it they will find it a help. The Committees of the Senate can probe into things which probably the Government itself (I am not talking of the bureacuracy) would not have time to probe into. And after all the Senate Committees can point out things and make suggestions, implementation is in the hands of the Government. In fact these Senate Committees, while bieng made strong, would be a great asset to any government irrespective of which party government it is. It is this system. They should think of amending the Constitution in the interest of the country. They should amend the Constitution to give the Senate more say in the financial matters. After all what is wrong if the Senate discusses the budget. What is wrong if money Bills also come to the Senate for approval before they are enacted as law. And I can assure the Prime Minister if she desires to take the Senate alongwith herself in formulation of our policies, in running the government I don't think she would be disappointed. At least on behalf of those independent members, how a few we may be, I can assure her that she will get full support from us in all good matters.

[Mr. Ahmedmian Soomro]
We are not here to create undue deadlocks. We are not here to see that the government is not run. In fact we are here to see that democracy runs and becomes a success. As I really feel unless we have a successful democratic system we cannot solve many of our problems.

Sir, some of the things which they have done now after November, 1988 I think I would be bound to touch. First is Sir, the decision to commute all death sentences. Sir, the idea behind that of seeing that there is no political victimization is commendable. If they had restricted it only to cases of political nature, I am sure, everyone would have been happy. But the fact that they have commuted the death sentences even of hardened criminals who have run away even from the prisons, from the death cells, who after running away from there could not be controlled. They were a terror. How far is it justifiable to commute their death sentences. Once they run away who is going to catch them. It should have, apart from political cases, been dealt with on case to case basis. Wherever it came to their notice that certain things were done merely on political grounds it is commendable step to release them and not otherwise.

Then Sir, the question of inflation. I hope the Government is fully aware that the prices of essential commodities have gone up very recently and I would draw their attention to adopt effective measures in this respect and the important portion is about the separation of judiciary, they have always said that they would abide by the Constitution. I have no reason not to believe them at so early stage but I would draw their attention particularly that the Law Minister is here to the constitutional provision of separation of the judiciary from the executive. It is already delayed and I would seek his indulgence, to given priority in this matter.

Then Sir, I would also advice this Government not to go for victimizing the bureaucracy. There are good people among them also. There are good and bad but the mere fact that they were not able at a certain stage to please them or are not prepared now to bow down to things which their conscience does not permit. Please look at that view also. Weed-out the corrupt, it is good, but don't weed them out or punish them for doing their duties.

Then a word about the media Sir. My very worthy friend

Mr. J.J., as we call him, who has had a promotion of quite a few stages of the House. He is good, he has been very good and now we have the cooperation from him also. I would point out to him, he has given the Senate or Parliament a little priority in the news, I commend him for that. But I have also told him that they give the proceedings of the Senate so late and before that there are some items so boring, that the persons fall asleep so they cannot see the Senate proceedings. Therefore, he should please look into this.

And then an aspect about bank charges Sir. Sir, 50% to 100% bank service charges have been very recently increased. This is not in the interest of the business community and consequently of the country. I would urge them to please give this a serious thought because the entire community of business and industires and even small businessmen are crying about this.

So, with these few words I once again thank you very much for giving me the time.

**Mr. Chairman:** Thank you Mr. Ahmedmian Soomro. I am sure Mr. Javed Jabbar has taken note of your observations.

**Mr. Javed Jabbar:** Point of order Mr. Chairman.

**Mr. Chairman:** You want to assure him that you will not have a boring Senate session on the TV?

**Mr. Javed Jabbar:** Absolutely not, Mr. Chairman.

**Mr. Chairman:** Thank you.

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, but in a requisitioned session, may I draw your attention to the quorum

**Mr. Chairman:** Mr. Javed Jabbar, I think let us go through the speeches.

**Mr. Javed Jabbar:** I just called the attention of the Chair.

**Mr. Chairman:** No, I think you should withdraw that suggestion.

**Mr. Javed Jabbar:** O.K. Withdrawn.

**Mr. Chairman:** Thank you. Nawabzada Jehangir Shah Jogezai Sahib.

دور نہ ہوگی بلکہ لوگ مزید بے روزگاری کا شکار ہوں گے۔ لہذا آپ کو ایسے اقدامات کرنے چاہیئں جن سے بیروزگاری کا خاتمہ ہو۔

جنابِ والا! میں آخر میں کہوں گا کہ اس حکومت کو موقع دینا چاہیئے، اس پر جائز تنقید تو کی جائے لیکن غیر ضروری چیزوں میں الجھاؤ پیدا نہیں کرنا چاہیئے تاکہ وطن کے لوگوں کو مایوسی نہ ہو۔ اور وہ خود بھی ایسا نہ کریں اور مخالفین بھی بیان بازی سے گریز کریں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب شاد محمد خان صاحب، جناب احمد میاں سومرو صاحب۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب چیئرمین! اگرچہ ہمیشہ میری تقریر کی باری جب آتی ہے تو ہال میں لوگ نہیں ہوتے البتہ اتنی مہربانی ہے کہ ریکارڈ ہو جاتی ہے لیکن ریکارڈ کو کون دیکھے گا۔

حضور والا! اگرچہ یہ قرارداد جس پہ ہم تبصرہ کر رہے ہیں صرف موجودہ حکومت سے تعلق رکھتی ہے مگر پاکستان کی تاریخ کے جب تک sequence کے مطابق تمام واقعات کو سامنے نہ رکھا جائے ہمیں معلوم نہیں ہوتا کہ پاکستان کے بنانیوالے یا پاکستان کے دشمن جو اس وقت مخالف تھے وہ کس حال میں ہیں اور یہ کس حال میں ہیں، جاگیردار کون ہے، ٹھیکیدار کون ہے سرمایہ دار کون ہے سمگلر کون ہے یہ ساری تخصیص اس ملک میں اب ختم ہو رہی ہے یہی وجہ ہے کہ مشرقی پاکستان جیسا ایک حصہ ہم سے ٹوٹ گیا اس پہ رپورٹ بنی مگر قوم کو خواب آور نشہ کرا کے یہ احساس نہیں ہونے دیا کہ مشرقی پاکستان کن وجوہات کی بنا پر ہم سے جدا ہوا جس ملک میں لوگوں

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

کو اس طرح سے بے خبر رکھا جائے وہ ملک کسی بھی شعبے میں ترقی نہیں کر سکتا۔

art of administration کی ذمہ داری سیاسی پارٹیوں پر عائد ہوتی ہے، سیاسی پارٹیوں کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ شعور کو بیدار کرتی ہیں کردار کو بلند کرتی ہیں اور قوم کو اس قابل بنا دیتی ہیں کہ وہ اپنے ملک کی ترقی اور حکومت چلانے میں ماہر ہو جائے۔ اور وہ اپنے ذاتی interest کو قوم کے interest پر قربان کرے کیونکہ اجتماعی زندگی کی بنیاد انفرادی زندگی ہے مگر ایسا کیوں نہیں ہو رہا؟ ہمیں ایک باشعور قوم بنایا کیوں نہیں گیا دور جانے کی بات نہیں ہے۔ پاکستان ایک تجربہ گاہ بنا رہا کیونکہ "ہر کہ آمد عمارت نو ساخت" ہر ایک آدمی نے اپنے دور پر ایک نیا تجربہ کیا کبھی بنیادی جمہوریت کا کیا کبھی شریعت کا۔ الغرض کوئی چیز پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچی وہ کیوں نہیں پہنچی۔ میں اس تاریخ کا حصہ ہوں اور یہ ساری چیزیں میری نظروں سے گزری ہیں انگریز کی حکومت کامیاب کس لئے تھی ایک افسر ایک کام کرتا تھا اور وہ نوٹ ہوتا تھا کہ میں یہاں تک پہنچا ہوں۔ اس سے آگے آپ چلائیں مگر ہمارے ہاں ہوتا کیا ہے ایک پولیٹیکل گورنمنٹ آتی ہے وہ تمام عمارت جو بنائی گئی تھی اس کو مسمار کر دیتی ہے اور اس کی جگہ پر دوسرے نام سے کوئی اور چیز کھڑی کر دیتی ہے یہ اس لئے ہو رہا ہے کہ ہماری ذہنی تربیت سیاسی تربیت کسی بھی کردار کے مطابق صحیح نہیں ہوئی ہے اور کسی معیار پر نہیں ہوئی ہے چالیس سال میں ہم نے صرف ایک چیز دیکھی کہ ہمیں ایسی صلاحیت بخشی گئی کہ ہم ہر حکومت میں فٹ ہو سکیں۔ مارشل لاء آ جائے تو ہم ہیں، سوشلزم آ جائے تو ہم ہیں، اس قسم کی روش سے وہ مقصد حل نہیں ہو سکتا۔

آج کشمیر کے مسئلے پر بات ہو رہی ہے۔ بورڈ ہٹانے پر بات ہو رہی ہے۔ بورڈ کا کیا مسئلہ ہے اگر طاقت ہو گی تو بورڈ کیا چیز ہے آپ کشمیر کو لے سکتے ہیں۔ اگر طاقت

نہیں ہے تو بورڈ ہٹانے سے مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔ آپ نے اس قوم کو کس طرح
سے چھوڑا ہے نہ تو اس میں اخلاق ہے نہ اس میں جرأت، نہ آپ نے جہاد کا جذبہ
اس میں موجزن کیا ہے میں کہتا ہوں کہ ہم نے ڈیموکریسی کی بجائے کرسی کریسی بنائی
ہوئی ہے ہمیشہ ہم لوگوں کو کرسی کریسی کی ٹریننگ دی۔ ہر وہ شخص آج اس جماعت میں
کل اس جماعت میں حکومت کے ساتھ ہے۔ جب میں نے مسلم لیگ کے متعلق کہا کہ دیکھو
سرکار کے کندھے پر سیاست نہیں بنتی۔ سیاست پبلک سے چلتی ہے اور وہ
پالیسی کامیاب ہوتی ہے جس پالیسی کے ساتھ پبلک کی تائید ہوتی ہے
اگر مسلم لیگ کو علیحدہ کر دیا جائے تو باقی چار کا ٹولہ رہ جاتا ہے یہ کیا ہے اگر کسی
کے پاس بصیرت ہے یا سمجھ ہے ۔۔۔۔ اب ۱۶ نومبر کو جو الیکشن ہوا ہے بڑی افراتفری
تھی میں تو اللہ کی شان کو دیکھتا ہوں۔ بھٹو کو پھانسی ہوتی ہے اس کی بیوی کو اس کی
بچی کو قید و بند میں رکھا۔ آج ادھر وہی وزیراعظم ہے کس طرح سے پبلک کے ذریعے
سے ڈیموکریسی کے ذریعے سے میرے خیال میں وزیراعظم صاحبہ کو سب سے زیادہ اس
ڈیموکریسی کی سڑک کو اتنا پختہ کرنا چاہیئے کہ یہ رستہ پھر کبھی بند نہ ہوسکے۔ اگر کوئی آمی
راستے سے آکر خود ہی اسی راستے کو بند کرتا ہے تو نتیجہ پھر وہی ہوگا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ
کا اصول ہے کہ طاقت کچھ نہیں ہے طاقت سے کوئی کسی کو کچل نہیں سکتا ہے لیکن اللہ
کے سوا کوئی بھی نہیں کر سکتا۔ بنی اسرائیل کو دیکھو۔ فرعون لڑکوں کو قتل کرتے تھے لڑکیوں
کو چھوڑ دیتے تھے یہ طاقتور تھے اور وہ نیل میں غرق ہوگیا اور وہی یہود واپس برسرِ اقتدار
آئے وتعز من تشاء وتذل من تشاء عزت ذلت اللہ کے پاس ہے اگر کوئی
شخص پاور میں آتا ہے اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ میں کسی کو ملیامیٹ کروں تو یہ اللہ کے
ساتھ بغاوت ہے۔ اللہ کی فرمانبرداری کرنے کے بعد آپ اللہ کے ہو جائیں تو ساری
دنیا آپ کی ہو جائے گی۔ یہ پاکستان کلمے (کلمہ طیبہ) کی برکت سے بنا۔ وہ لوگ جو اس وقت مخالفت

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

کرتے تھے آج آپ ان کو لیڈر تسلیم کرتے ہیں۔ آج ان کی قدر کرتے ہیں اور جنہوں نے بنایا ان کا نام تک نہیں لیتے۔ اب آپ بتائیں آپ نے اس قوم میں کیا جذبہ پیدا کیا ہے۔ ہم ایک لنگڑے زبان سے محروم گورنر جنرل کی اطاعت کرتے رہے ہم کو کوئی شرم نہ آئی ہماری غیرت جوش میں آئی

جناب عالی! ملک کے ٹکڑے ہوتے کس سے پوچھا گیا ملک میں بے چینی ہے اس کے اسباب کس نے ڈھونڈے ماسوائے اس سینیٹ کے جس نے سندھ کے متعلق ایک کمیٹی بنائی جو سندھ کے معاملات کی تحقیق کر رہی ہے لیکن ایسا معاملہ ہر جگہ پر ہے۔ گلگت میں بغاوت ہوتی ہے آپ حیران ہو جائیں گے۔ میں جنوری ۱۹۴۹ء میں وہاں سٹیٹ پولیٹیکل ایجنٹ تھا گلگت سکاؤٹس کے کل ۵۰۰ آدمی تھے ڈیڑھ سو آپ کے چلاس میں تھے ۳۵۰ گلگت میں تھے پوری رجمنٹ کو انہوں نے ختم کیا آزادی لی۔ عجیب بات ہے جن افسروں نے بغاوت کی تھی جب بھی کوئی کمانڈر انچیف آتا ان کو باہر نکال دیتے تاکہ یہ limelight میں نہ آجائیں۔ ہم نے ہمیشہ اس ملک کی تعمیر میں حصہ دار تھے انہی کے پاؤں کاٹے انہی کے ہاتھ کاٹے چنانچہ ملک ان لوگوں کے ہاتھ میں چلا گیا جن کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے جو اس ملک کے وفادار نہیں ہیں۔ جو اس ملک کے ساتھ بغیر کرسی کے وفادار نہیں ہیں اس طرح ہمارے ملک میں کرسی کرسی بڑھتی چلی گئی۔

مجھے ایک بات سے خوشی ہوئی کہ وہ جو نیشنلائزیشن کا سسٹم تھا جس نے پاکستان کی معیشت کی کمر توڑ دی آج اس کے لئے سیدھا ہو چکا ہے مجھے اس بات کی خوشی ہے۔ اس پالیسی پر میں اگر بولوں تو میرے پاس اتنا مواد ہے کہ میں بتا سکتا ہوں کہ اس ملک کو اس سے کتنا نقصان پہنچا ہم نے اپنے ذہن اور اپنی دولت کو باہر کے ملکوں میں پھینک دیا اور وہ دولت جو کسی کارخانے میں لگنی تھی وہ رنگ رلیوں پر خرچ ہو رہی ہے، بلازہ جات بنوانے میں خرچ ہو رہی ہے۔ آج اگر ملک میں بے روزگاری ہے تو اس کی وجہ صرف

وہی پالیسی ہے۔ کارخانے بنتے تو لوگوں کو جگہ ملتی۔ آپ نے کارخانے بنائے ان کو نیشنلائز کر دیا اور پھر بیوروکریسی سے بھر دیا اور تمام سفارشی لوگ جس جس پارٹی سے تعلق رکھتے تھے وہ کھاتے چلے گئے۔ وہ سارے خزانے اس طرح سے خرچ ہو گئے اور اس طرف divert ہو گئے اور انہی پر خرچ ہو رہے ہیں آپ کو معاشرت کا بھی پتہ نہیں ہے آپ کو معاشرت کے اصولوں کا بھی پتہ نہیں ہے۔ یہ اصول تو جب قائم ہو سکتے ہیں جب ملک میں جمہوریت قائم رہے۔ اب یہاں تو ہمیشہ سے مارشل لاء رہا ہے۔ اب آپ بتائیے کہ مارشل لاء کے پیچھے کون سے ہاتھ ہیں۔ وہ کون سا ہاتھ ہے جو یہ لایا کرتا ہے اور کون سا ہاتھ ہے جو اس قسم کے حالات پیدا کرتا ہے۔

ہندوستان اور پاکستان کی تقسیم کے متعلق عرض کرتا ہوں۔ جناب عالی! جب پہلا کیبنٹ مشن بنا تو میں چمن میں اے سی تھا۔ جب یہ کام ایڈوانس ہو گیا اور ۱۹۴۵ میں جنگ ختم ہو گئی، اس وقت انگریز کافی مغرور تھے لیکن جونہی میرین میں بغاوت ہوئی، یہ پگھل گئے اور جس وقت ہندوستان کی تقسیم کی بات ہوئی، اس وقت اگر ہندوستان کے لیڈر، پاکستان کے لیڈروں کے ساتھ مل کر صحیح تقسیم کرتے تو آج ہمارے اور ان کے درمیان کوئی بھی تنازعہ نہ ہوتا۔ آپ بتائیں کہ کشمیر کے مسئلے کے ہوتے ہوئے ہم کس طرح سے ہندوستان کے ساتھ دوستی کر سکتے ہیں۔ کیسے کر سکتے ہیں وہ ہمیں ملیامیٹ کرنا چاہتا ہے اور ہم کہیں کہ بے شک جناب، آپ ہمیں ملیامیٹ کریں۔ ہم اکٹھے رہیں گے . . . یہ بالکل ناممکن بات ہے۔ ہم ہندوستان کے ساتھ بیٹھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ جناب ذرا قلم اٹھائیں، آپ تو بنیا ہیں، اور ہم مسلمانوں سے زیادہ حساب جانتے ہیں، ذرا یہ دیکھیں کہ دو جنگوں میں کتنا خرچ ہوا ہے۔ کتنے آدمی مارے گئے ہیں اور اپنی بقا کے لئے ہمیں اور کتنی لڑائیاں لڑنی ہیں۔ اور اس پر کتنا خرچہ ہو گا، اس لئے کیوں نہ آپس میں بیٹھ کر صحیح تقسیم کر لیں۔

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

نہ تم اپنی فوج پر خرچ کرو اور نہ ہی ہم اپنی فوج پر خرچ کریں۔ نہ تم مقروض ہو اور نہ ہم مقروض ہوں، ہم بھی ویلفیئر سٹیٹ بناتے ہیں اور تم بھی ویلفیئر سٹیٹ بناؤ، اس طرح سے دونوں پبلک کی خدمت کریں۔

انگریز سے پوچھا گیا کہ

Why are you living in India if the Indians have come to so much high offices that they have lost control over them. We don't know what is going to happen, secondly, the Hindu-Muslim will fight and they will keep us.

آپ نے لکھا کہ ہمارے چار اضلاع کاٹ کر ہندوؤں کو دے دیئے تھے اور یہ اس خیال سے دیئے گئے تھے کہ یہ آپس میں لڑیں گے اور کوئی نہ کوئی ہمارے پاؤں پڑے گا لیکن خدا کا فضل ہوا کہ کوئی بھی ان کے پاؤں نہیں پڑا۔ لیکن اب سیاست اور فراست سے کام لینا چاہیئے۔ ہندوستانی لیڈروں کو چاہیئے کہ وہ جذبات کو چھوڑ دیں، کشمیر کے ساتھ جو وہ وابستگی رکھتے ہوں، اسے چھوڑ دیں اور ایک rational طریقے سے پاکستان کے ساتھ معاہدہ کریں تاکہ ہم اور وہ، مل کر کے ایک مشترکہ دشمن کے مقابلہ کے لئے کام کریں..... مگر ہمارا کون دشمن ہو سکتا ہے، نہ ہم روس سے مقابلہ کریں گے اور نہ امریکہ سے مقابلہ کریں گے ہماری دشمنی آپس کی ہے، ہم اس کے لئے تیاری کرتے ہیں اور وہ ہمارے لئے تیاری کرتا ہے۔ یہ سیدھی اور صاف بات ہے۔ اس لئے اگر ہندوستان کے ساتھ بات کرتی ہے تو اس پر بات کریں کہ گاندھی نے فروری ۱۹۴۷ء میں جو کہا تھا، وہ تم مانتے ہو یا نہیں مانتے ہو، اس نے تو کہا تھا کہ جہاں ہماری میجارٹی ہے، وہ ہمارا حصہ ہے اور جہاں ان کی ہے وہ ان کا حصہ ہے۔ چاہے یہ معاملہ ایک گاؤں تک ہی کیوں نہ ہو اگرچہ یہ تو کشمیر کا معاملہ ہے۔

جنابِ والا! میں عرض کرتا ہوں کہ کوئی قوم بھی چاپلوسی سے اپنی جان نہیں

چھڑا سکتی، وہ غلام بن سکتی ہے۔ مگر وہ آزاد نہیں بن سکتی۔ آزاد بننے کے لئے، اسے اخلاق کی ضرورت ہے، اس کو ایمان کی ضرورت ہے، اس کو اسباب کی ضرورت ہے جن کے ذریعے اسلحہ اپنے گھر میں بنا سکے۔ آپ کسی کے پاس جاتے ہیں ایف ۱۶ مانگنے کے لئے، آپ خود کیوں نہیں بناتے آپ میں کس قسم، چیز کی کمی ہے آپ میں ایک چیز کی کمی ہے، میں بتاتا ہوں کہ وہ کیا ہے۔۔۔ آپ ڈیفنس کے معاملہ کو ہی لے لیں۔ آپ دنیا کے کسی ملک میں اسلحے کے لئے جائیں، بغیر کمیشن کے سودا نہیں ہوتا اس لئے اس کمیشن کی وجہ سے یہ لوگ وہ چیز یہاں پر نیا نہیں ہونے دیتے۔ میرے پاس documents موجود ہیں۔

آج پاکستان میں ایک صحیح ڈیموکریسی کی بنیاد پڑ گئی ہے لیکن ڈیموکریسی خود تو نہیں چلتی، ڈیموکریسی چلانے والے تو لوگ ہوتے ہیں۔ جناب والا! مجھے یاد ہے ایک پولیٹیکل ایجنٹ تھا میجر عبدالرحیم، ایک سردار کے ساتھ ہماری نہیں بنتی تھی، جب بھی وہ آتا تھا تو وہ اسے کہتا تھا کہ میں اس کی بات نہیں مانتا ہوں۔۔۔ وہ آدمی اس بات پر خاموش رہتا۔ دوسری دفعہ وہ پھر میرے پاس آیا، میں نے اُسے کہا کہ آپ میرے بھائی ہیں، ممکن ہے کہ آپ کی پالیسی مجھ سے سٹرانگ ہو، بہتر ہو، لیکن ایک بات کہتا ہوں کہ Politics means to make and not to break پولیٹیکل پالیسی کی اصل بنیاد یہ ہے کہ دوسرے آدمی کو اپنے دلائل سے متاثر کرو، اس سے ہاتھ ملاؤ، اس کو break مت کرو، اس کو دباؤ نہیں، اس کے ذہن کو آمادہ کرو۔ تب آپ چل سکتے ہیں۔ اگر ہم کہیں کہ اس جگہ مسلم لیگ ہے یا آئی جے آئی ہے۔ جو آپ کے مخالف ہیں، صرف اس لئے مخالف ہیں کہ ہم آپ کو نہیں چاہتے۔۔۔۔ یہ بالکل غلط بات ہے، اگر ہماری یہ سوچ ہے تو یہ ناپختہ سوچ ہے۔ یہ ناپختگی ہے، ہمارے سامنے ملک ہے، ملک کی بہتری ہے، آپ کی اچھی بات کے ساتھ ہم کیسے انکار کریں گے۔ ہم کیوں مخالفت کریں گے۔ اور rationally

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

practically یہ ہمارے سامنے ہو تو کوئی تکرار نہیں ہو سکتی۔ لیکن یہ کیا بچوں کا طریقہ ہے، ہم جب بچے ہوتے تھے تو ہم ایک دوسرے کو چیونٹی مارتے تھے، اس طرح بچے کہتے تھے کہ وہ دیکھو، مجھے چیونٹی مارتے ہیں ...... اب وہی چیونٹیاں اب یہاں ہم ماریں ...... بھائی، اس طرح سے نہ کریں۔

جناب والا! ایک صوبہ ہے جو اپنے لئے ڈھنگ کے افسر چاہتا ہے، جو اس کی بات کو سمجھیں، ایک بیوروکریٹ کو ایک غریب کو اس بے چارے کو تنگ نہ کریں۔ میں آپ کو یہاں کہاوت سناتا ہوں، کہتے ہیں کہ ایک آدمی تھا، اس کی دو بیویاں تھیں، ایک بوڑھی تھی اور ایک جوان تھی، اس آدمی کی داڑھی کے کچھ بال کالے تھے اور کچھ سفید۔ اب بوڑھی عورت جو تھی اس کے کالے بال نکال دیتی تھی تاکہ بوڑھا لگے اور جوان بیوی اس کے سفید بال نکال دیتی تھی تاکہ وہ جوان لگے۔ جناب! اس طرح سے اس کی داڑھی ختم ہو گئی۔ آپ ایسا نہ کریں، صوبے کسی کی جاگیر نہیں ہیں، کسی کے باپ کے نہیں ہیں پاکستان کے صوبے ہیں، ہم نے کام پاکستان کے لئے کرنا ہے، ہم نے پاکستان کے نظریہ کے تحت سوچنا ہے۔

مجھے اپنے متعلق ایک خبر پڑھ کر بڑا افسوس ہوا اور غصہ آیا، ایک دن اخبار میں دیکھتا ہوں کہ بگٹی صاحب کا ایک بیان ہے کہ ہم کو جہانگیر پسند نہیں ہے ...... میں حیران ہوں کہ مجھے کوئی نہیں پوچھتا اور ادھر پسندیدگی کی بات کہاں سے آ گئی۔ اس پر میں نے جو کچھ کہا سو کہا، یعنی ایک ایڈمنسٹریٹر کو آپ لگاتے ہیں اور پھر لوگوں سے پوچھتے ہیں کہ میں اس کو لگاؤں ...... آپ نے میری اہلیت کو نہیں دیکھا۔ آپ نے مجھے نہیں پہچانا کہ میں کیسا آدمی ہوں، کس اصول کا آدمی ہوں یا کس اصول کا نہیں ہوں۔ حالانکہ میں نے ۴۲ سال خدمت کی ہے۔ جو نئے نئے علاقے پاکستان میں شامل کئے، وہ تو ان کی نظر میں نہیں۔ یہ لوگ اٹھتے ہیں۔ تو انہیں اردگرد کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا ہے۔ مجھے اس پر غصہ آیا کہ یہ عجیب تماشہ ہے،

اوّل تو مجھ سے پوچھا نہیں گیا، اگر پوچھا جاتا، تو پتہ نہیں میں اس کو منظور بھی کرتا یا نہ کرتا، اتنا بھی نہیں کیا اور میرے متعلق ایسی باتیں ہو گئیں۔

اس کے بعد جناب جنرل صاحب رٹکا خان، کو آپ نے وہاں بھجوایا، آپ اس کے متعلق کسی سے پوچھ کر بھیجتے۔ نواز شریف سے اس کے متعلق بھی پوچھنا چاہیئے تھا کہ اس کو آپ کے پاس بھیجیں یا نہ بھیجیں بہرصورت مطلب یہ ہے کہ اس وقت مل کر اس حکومت کو چلائیں، اس ملک کو چلائیں، صوبوں کے ساتھ اگر کوئی Tussle ہے تو اس کو بھی ڈسکس کریں۔ اس پر ڈسکشن ہونی چاہیئے کہ یہ ٹسل ہو رہی ہے ہم وہ صورت حال پیدا کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ جس سے تصادم ہو، ہم نے ہمیشہ یہ دہرایا ہے، ہم ہمیشہ سے یہ کردار کرتے چلے آرہے ہیں اور پھر اس کے بعد ہم ڈیموکریسی کی ڈھولکی پیٹتے ہیں کہ ہم ڈیموکریسی چاہتے ہیں۔ جناب والا! ڈیموکریسی کا مطلب ہی یہ ہے کہ آپ دوسروں کو سنیں، ان کی ضروریات کو سمجھیں، ان کے حالات کو سمجھیں، تلخیات کو شربت کے ساتھ جس طرح گولی نگلی جاتی ہے اس طرح نگلی جائیں۔ اس سے فائدہ ہوگا۔ ہاتھا پائی سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا گولی سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا، پہاڑ پر چڑھنے سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا۔

لوگ کہتے ہیں کہ عورت کی حکمرانی نہیں ہو سکتی، وہ کہتے رہیں، لیکن ووٹ دے کر آپ خود اسے لائے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کی تقریر لمبی ہے تو پھر سیشن کو adjourn کرتے دیں، ڈیڑھ بج چکا ہے لیکن اگر مختصر ہے تو پھر ابھی ختم کر لیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: بس میں ابھی ختم کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: اچھا جی، پھر ٹھیک ہے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: میں جناب انہی الفاظ پہ اپنی تقریر ختم کر رہا ہوں کہ ہم نے چاند بی بی کو دیکھا، وہ تخت کی وارث تھی، رضیہ سلطانہ کا نام بھی تاریخ میں ہے وہ بھی تخت کی وارث تھی، لیکن اس وقت جو عورت برسرِ اقتدار آئی ہے وہ کسی تخت کی وارث نہیں ہے یہ پبلک کے ذریعے سے برسرِ اقتدار آئی ہے، ڈیموکریسی کے ذریعے سے آئی ہے میں ان کو ڈیموکریسی کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ کو جس چیز سے نشو و نما ملی ہے، اس کو خراب نہ کریں، اس پر لکیریں نہ کھینچیں، دوسروں کے لئے راستہ بند نہ کریں۔ ہم مل کر اس ملک کو بچائیں گے ہم انشا، اللہ تعالیٰ بہت کچھ کرنے والے ہیں لیکن جب تک آپ ایک دوسرے کے ساتھ دست و گریبان رہیں گے تو نہ آپ آگے جا سکیں گے نہ ہم آگے جائیں گے۔ آپ اگر ہماری چادر اتاریں گے تو پھر ہمارے پاس اس کا کیا علاج ہو گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ! آئندہ جب یہ بحث دوبارہ شروع کی جائے گی تو ترتیب کے مطابق جناب میر نبی بخش زہری صاحب، پھر محمود احمد منٹو صاحب، پھر قاضی عبداللطیف صاحب اور ان کے بعد فصیح اقبال صاحب بولیں گے۔ باقی جس جس نے بولنا ہے وہ اپنے نام دے دیں۔

Now, the House is adjourned to meet again on Sunday, 22nd January, 1989, at 10.30 a.m.

---

*[The House then adjourned to meet again at half past ten of the clock in the morning on Sunday, January 22, 1989].*

---

PCPPK–Litho/2662(88-89) Senate–6-6-1991–300.